AT

# PAKISTAN STOCK MARKET

PSX
PAKISTAN
STOCK EXCHANGE




## NOTE FROM THE EDITOR

## WHAT'S HAPPENING AT PSX

## PSX CARES

## ISSUER & INVESTOR AWARENESS SESSIONS

## ARTICLES & BLOGS

## SOCIAL MEDIA PRESENCE

# TABLE OF CONTENTS


- Editor's Note — 01
- What's Happening at PSX? — 02
- Issuer & Investor Awareness Sessions — 17
- Social Media Presence — 26
- Articles & Blogs — 36
- PSX Cares — 58

# Editor’s note

As we have journeyed well into the beginning of the new year 2023, I welcome you to the latest edition of the PSX Newsletter, ‘At Pakistan Stock Market’. I thank everyone for their continued interest in the newsletter as it delivers you news and information on the activities, events and developments taking place at the Stock Exchange.

In this issue we are covering the events taking place at the Exchange in the second half of 2022. Information on listings, gong ceremonies, product launches, investor education and awareness sessions as well as corporate & industry awareness sessions are contained in this newsletter.

The outgoing year has been a challenging one as far as macros of Pakistan’s economy are concerned. Yet, PSX continued on its path of progress and advancement by adopting a multi-pronged approach. We focused on digitisation and introduced new capital market products & offerings. We engaged with Government officials, functionaries, SECP, SBP, industry leaders and market participants for the betterment of the national economy and to enhance the capital markets. We launched the first dividend-based index, PSX Dividend 20 Index, the innovative HBL Total Treasury ETF, and digitised the listing process through the online portal - PRIDE. All these activities and much more are encapsulated in the newsletter where you can read about the relevant launch of offerings and gong ceremonies as well as other topics and informative subjects.

For the year 2023, we look forward to improvement in economic conditions in Pakistan. No doubt, there are many challenges on the way. Lessening the debt burden of the country, reversing rupee depreciation along with augmenting import substitution and increasing exports, reducing the current account and trade deficits will provide much needed boost to the industry and economy. Pakistan Stock Exchange being the conduit for capital formation in the country, looks to play the role of catalyst for economic progress in the face of numerous challenges to ease the financial pressures facing the economy, and improve cash flows as well as expansion objectives of the local industry. As the government focuses on increasing exports and remittance inflows, PSX is in a unique position to support the national economy by helping the local industry and the corporate sector to grow and prosper by facilitating issuers, investors and other market participants.

With this message of hope and confidence, I welcome you once again to the latest edition of the newsletter, ‘At Pakistan Stock Market’ and wish you a Happy Reading!

Regards,
Raeda Latif



**Raeda Latif**
Chief Marketing & Business Development Officer
Pakistan Stock Exchange Limited

# پی ایس ایکس میں کیا چل رہا ہے

# What's Happening at PSX

# PSX welcomes visit of US Ambassador and his team with a Gong Ceremony

Pakistan Stock Exchange (PSX) held a Gong Ceremony to welcome the US Ambassador to Pakistan, H.E. Donald Blome; the US Consul General in Karachi, Mr. Mark Stroh, and their team, to PSX. The distinguished guests were welcomed by the PSX Chairperson, Dr. Shamshad Akhtar; MD & CEO PSX, Mr. Farrukh H. Khan; PSX Board Member(s); senior management of PSX and senior members of the business community. The gong was struck by the US Ambassador amidst the presence of the US delegation and the PSX team to open the trading day. The Ceremony included welcome remarks by the MD PSX, Mr. Farrukh Khan, as well as remarks by the US Ambassador, H.E. Donald Blome. The session was ended with PSX Chairperson, Dr Shamshad Akhtar, thanking the US team for their visit to the Stock Exchange.

# امریکی سفیر اور ان کی ٹیم کا پی ایس ایکس میں خیر مقدم کرنے کے لیے گونگ تقریب کا انعقاد کیا گیا

پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) نے پاکستان میں امریکی سفیر، ایچ.ای. ڈونلڈ بلوم؛ کراچی میں امریکی قونصل جنرل جناب مارک اسٹروہ اور ان کی ٹیم کا پی ایس ایکس میں استقبال کرنے کے لیے ایک گونگ تقریب کا انعقاد کیا۔ معزز مہمانوں کا استقبال پی ایس ایکس کی چیئرپرسن ڈاکٹر شمشاد اختر ؛ ایم ڈی اور سی ای او پی ایس ایکس، جناب فرخ ایچ خان؛ پی ایس ایکس بورڈ ممبران؛ پی ایس ایکس کی سینئر مینجمنٹ اور بزنس کمیونٹی کے سینئر ممبران کی جانب سے کیا گیا۔ امریکی وفد اورپی ایس ایکس ٹیم کی موجودگی میں امریکی سفیر کی طرف سے گونگ پر ضرب لگاکر تجارتی دن کا آغاز کیا گیا۔ تقریب میں ایم ڈی پی ایس ایکس جناب فرخ خان کے استقبالیہ کلمات کے ساتھ ساتھ امریکی سفیر ایچ.ای. ڈونلڈ بلوم کے ریمارکس بھی شامل رہے۔ پی ایس ایکس کی چیئرپرسن ڈاکٹر شمشاد اختر کی جانب سے امریکی ٹیم کے اسٹاک ایکسچینج کے دورے پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے تقریب کا اختتام کیا گیا۔











# PSX & Meezan Bank sign Agreement to offer Shariah-compliant trading platform for RDA clients




Pakistan Stock Exchange (PSX) and Meezan Bank Limted (MBL) signed an Agreement whereby PSX, in collaboration with MBL, will provide a dedicated shariah-compliant trading platform for Roshan Digital Account (RDA) clients. This will facilitate investors who are focused on investing in shariah approved securities. The Agreement was signed by the MD & CEO PSX, Mr. Farrukh H. Khan, and the Founding President & CEO Meezan Bank, Mr. Irfan Siddiqui, amidst the presence of Chairperson PSX, Dr. Shamshad Akhtar, and senior management of both the organisations.

The purpose of this platform is to enable Non-Resident Pakistanis (NRPs) to securely invest in their homeland's capital market in a shariah-compliant manner. This trading platform will be available through the online trading system provided by PSX called KiTS or Karachi Internet Trading System. Any RDA client of an Islamic bank can now avail this platform for investing in PSX through the services offered by more than a 100 securities brokers using KiTS as an Order Management System (OMS).

# آر ڈی اے کلائنٹس کو شریعہ -کمپلائنٹ تجارتی پلیٹ فارم مہیا کرنے کے لیے پی ایس ایکس اور میزان بینک کے درمیان معاہدے پر دستخط ہوئے

پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) اور میزان بینک لمیٹڈ (ایم بی ایل ) کے مابین ایک معاہدے پر دستخط ہوئے جس کے تحت پی ایس ایکس، ایم بی ایل کے ساتھ مل کر، روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ (RDA) کے کلائنٹس کے لیے ایک وقف شریعہ-کمپلائنٹ تجارتی پلیٹ فارم فراہم کرے گا۔ یہ ایسے سرمایہ کاروں کو سہولت مہیا کرے گا جو شرعی طور پر منظور شدہ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ پی ایس ایکس کے ایم ڈی اور سی ای اوجناب فرخ ایچ خان اور میزان بینک کے بانی صدر اور سی ای او جناب عرفان صدیقی نے چیئر پرسن پی ایس ایکس ڈاکٹر شمشاد اختر اور دونوں اداروں کی سینئر مینجمنٹ کی موجودگی میں معاہدے پر دستخط کیے۔

اس پلیٹ فارم کا مقصد غیر مقیم پاکستانیوں (NRPs) کو اس قابل بنانا ہے کہ وہ اپنے ملک کی کیپٹل مارکیٹ میں شرعی لحاظ سے محفوظ طریقے سے سرمایہ کاری کا عمل انجام دے سکیں۔ یہ تجارتی پلیٹ فارم پی ایس ایکس کے فراہم کردہ آن لائن ٹریڈنگ سسٹم کے ذریعے دستیاب ہوگا جسے KiTS یا کراچی انٹرنیٹ ٹریڈنگ سسٹم کہا جاتا ہے۔ کسی اسلامی بینک کا کوئی بھی آر ڈی اے کلائنٹ اب پی ایس ایکس میں سرمایہ کاری کے لیے اس پلیٹ فارم سے 100 سے زائد سیکیورٹیز بروکرز کی جانب سے پیش کردہ خدمات کے ذریعے KiTS کو بطور آرڈر مینجمنٹ سسٹم (او ایم ایس) استعمال کر سکتا ہے۔

# PSX holds Gong Ceremony to welcome Federal Finance Minister

Pakistan Stock Exchange (PSX) held a Gong Ceremony to welcome the Federal Minister for Finance & Revenue, Dr. Miftah Ismail, to the Exchange. The Federal Minister struck the gong to open the trading day amidst the presence of Chairperson PSX, Dr. Shamshad Akhtar; Chairman SECP, Mr. Aamir Khan; MD & CEO PSX, Mr. Farrukh H. Khan; PSX Board Members; key stakeholders and distinguished guests. Speaking at the occasion, the Finance Minister underscored the importance of a well-functioning capital market for a thriving economy and expressed his commitment to support the Stock Exchange in its endeavour to help meet the challenges faced by the economy. Both the Chairperson PSX, Dr. Shamshad Akhtar, and the MD PSX, Mr. Farrukh Khan, while welcoming the Minister and thanking him for his visit to the Exchange, expressed their commitment to grow the capital market as a leading regional market playing its due role in Pakistan's economic growth with the support of the Government. The event concluded with a closed-door meeting which included the Federal Minister along with the top management of PSX, SECP, and key stakeholders. In the meeting, matters impacting the capital markets, business, the current economic scenario and challenges thereof were discussed.

# پی ایس ایکس کی جانب سے وفاقی وزیر خزانہ کے استقبال کے لیے گونگ تقریب کا انعقاد کیا گیا

پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) نے وفاقی وزیر خزانہ اور ریونیو ڈاکٹر مفتاح اسماعیل کی ایکسچینج آمد پر ان کے استقبال کے لیے ایک گونگ تقریب سجائی۔ وفاقی وزیر نے چیئرپرسن پی ایس ایکس ڈاکٹر شمشاد اختر ، چیئرمین ایس ای سی پی، جناب عامر خان؛ ایم ڈی اور سی ای او پی ایس ایکس، جناب فرخ ایچ خان؛ پی ایس ایکس بورڈ کے اراکین؛ اہم اسٹیک ہولڈرز اور معزز مہمانان کی موجودگی میں گونگ پر ضرب لگا کر تجارتی دن کا آغاز کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے ، ترقی کرتی ہوئی معیشت کے لیے اچھی طرح سے کام کرنے والی کیپٹل مارکیٹ کی اہمیت پر زور دیا اور معیشت کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اسٹاک ایکسچینج کو تعاون فراہم کرنے کے لیے اپنے عزم کا اظہار کیا۔ چیئرپرسن پی ایس ایکس ڈاکٹر شمشاد اختر اورایم ڈی، پی ایس ایکس جناب فرخ خان دونوں نے وفاقی وزیر کا خیرمقدم کرتے ہوئے ایکسچینج کے دورے پر ان کا شکریہ ادا کیا جبکہ انہوں نے حکومت کے تعاون سے پاکستان کی اقتصادی ترقی میں اپنا کردارادا کرنے والی ایک اہم علاقائی مارکیٹ کے طور پر کیپٹل مارکیٹ کو ترقی دینے کے عزم کا بھی اظہار کیا۔ ایک کلوز ڈور میٹنگ کے ساتھ تقریب کا اختتام ہوا جس میں وفاقی وزیر کے ساتھ پی ایس ایکس، SECP کی اعلیٰ انتظامیہ اور اہم اسٹیک ہولڈرز بھی موجود تھے۔ میٹنگ میں کیپٹل مارکیٹ پر اثر انداز ہونے والے معاملات، کاروبار ، موجودہ معاشی صورتحال اور اس میں درپیش چیلنجز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔


















# PSX celebrates World Investor Week 2022 with a Gong Ceremony

Pakistan Stock Exchange (PSX), along with 78 other exchanges around the world, marked the sixth World Investor Week 2022 with an elaborate Gong Ceremony at the PSX trading hall. PSX held this event for the second consecutive year under the auspices of World Federation of Exchanges, of which is PSX is an Affiliate Exchange, in partnership with International Organisation of Securities Commissions (IOSCO). The Gong Ceremony included representatives from leading academic institutions, professional bodies, and securities brokers. Chairperson PSX, Dr. Shamshad Akhtar, and senior management of PSX, along with heads of brokerage houses, struck the gong to mark the World Investor Week, which is being held from Oct 3-9, 2022, and to open the trading day. The event included a panel discussion where the panelists talked about ways to enhance investor interest in the capital market by increasing the outreach on financial awareness and education for the general public, specially our youth. The panelists were Mr. Talib Karim, President of Institute of Business Management (IoBM); Mr. Mobashar Sadik, CEO of Institute of Financial Markets of Pakistan (IFMP); Ms. Hina Dhedhi, Chairperson of AKD Securities Limited, and Mr. Shahid Ali Habib, CEO of Arif Habib Limited. A briefing was also presented on 'My Portfolio', a web-based application for providing real time investment experience through a virtual platform & virtual cash for (prospective) investors, and on the 'Knowledge Center', a portal on investor education, by Ms. Raeda Latif, Chief Marketing & Business Development Officer at PSX. Throughout the week, PSX will conduct in-person sessions, webinars and other events, including an investor education session specially for women, to disseminate and spread awareness on the importance of savings, budgeting, financial planning, investing, particularly investing in equity and debt instruments, and other asset classes available in Pakistan.

# پی ایس ایکس نے ورلڈ انویسٹر ویک 2022 منانے کے لیے گونگ تقریب کاانعقاد کیا

پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) نے دنیا بھر میں موجود دیگر 78 ایکسچینجز کی طرح چھٹا ورلڈ انویسٹر ویک 2022 منایا جس کے لیے پی ایس ایکس ٹریڈنگ ہال میں ایک وسیع گونگ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ پی ایس ایکس کی جانب سے یہ ایونٹ مسلسل دوسرے سال ورلڈ فیڈریشن آف ایکسچینجز کے زیراہتمام اور انٹرنیشنل آرگنائزیشن آف سیکیورٹیز کمیشنز (IOSCO) کے اشتراک سے منعقد کیا گیا، جبکہ پی ایس ایکس ورلڈ فیڈریشن آف ایکسچینجزسے منسلک ایک ایکسچینج ہے۔ گونگ کی تقریب میں اہم تعلیمی اداروں، پیشہ ورانہ اداروں، اور سیکیورٹیز بروکرز کے نمائندے شامل تھے۔ چیئرپرسن پی ایس ایکس، ڈاکٹر شمشاد اختر، اورپی ایس ایکس کی سینئر انتظامیہ نے، بروکریج ہاؤسز کے سربراہان کے ہمراہ، ورلڈ انویسٹر ویک منانے اور تجارتی دن کا آغاز کرنے کے لیے گونگ پر ضرب لگائی ، ورلڈ انویسٹر ویک کا انعقاد، 3سے9 اکتوبر 2022 تک کیا گیا۔اس تقریب میں ایک پینل ڈسکشن بھی رکھا گیا تھا جس میں پینلسٹس نے عام لوگوں، خاص طور پر ہمارے نوجوانوں کے لیے مالیاتی بیداری اورآگاہی کے حوالے سے رسائی کو بڑھا کر کیپٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی دلچسپی بڑھانے کے طریقوں پر بات کی۔ پینلسٹ میں انسٹی ٹیوٹ آف بزنس مینجمنٹ (IoBM) کے صدر جناب طالب کریم، انسٹی ٹیوٹ آف فنانشل مارکیٹس آف پاکستان (IFMP) کے سی ای او جناب مبشر صادق؛ اے کے ڈی سیکیورٹیز لمیٹڈ کی چیئرپرسن محترمہ حنا ڈھیڈی اور عارف حبیب لمیٹڈ کے سی ای او جناب شاہد علی حبیب شامل تھے۔ چیف مارکیٹنگ اینڈ بزنس ڈیولپمنٹ آفیسر پی ایس ایکس، محترمہ رائدہ لطیف نے 'مائی پورٹ فولیو' پر ایک بریفنگ بھی پیش کی ، جو کہ (ممکنہ) سرمایہ کاروں کے لیے ورچوئل پلیٹ فارم ا ورورچوئل کیش کے ذریعے حقیقی وقت (رئیل ٹائم) میں سرمایہ کاری کا تجربہ فراہم کرنے کے حوالے سے ایک ویب پر مبنی ایپلی کیشن ہے، او ر 'نالج سینٹر ' پر، سرمایہ کاروں کی آگاہی سے متعلق ایک پورٹل ہے۔ اس پورے ہفتے کے دوران،پی ایس ایکس کی جانب سے ان-پرسن سیشنز، ویبنارز اور دیگر تقریبات کا انعقاد کیا گیا، جس میں سرمایہ کاروں کا آگاہی سیشن خاص طور پر خواتین کے لیے شامل رہا، تاکہ بچت، بجٹنگ، مالیاتی منصوبہ بندی، سرمایہ کاری، خاص طور پر ایکویٹی اور ڈیبٹ کی دستاویزات میں سرمایہ کاری اورپاکستان میں دستیاب دیگر اثاثہ جاتی کلاسز کی اہمیت کے بارے میں شعور و آگاہی پھیلائی جا سکے۔

# Gong Ceremony held at PSX to launch Roshan Equity Investment Account Marketing campaign

A gong ceremony was held at Pakistan Stock Exchange (PSX) to mark the launch of the Roshan Equity Investment (REI) marketing campaign. Representatives and heads of capital market entities, RDA participating banks, securities brokers, and the State Bank of Pakistan (SBP) together marked this auspicious event. The Roshan Equity Investment account is an innovative product whereby non-resident Pakistanis can invest in Pakistan's stock market conveniently, swiftly and digitally. The marketing campaign for Roshan Equity Investment is a first of its kind where banks and the capital market SROs have come together and contributed to reach out to potential Pakistani investors residing abroad.

The gong ceremony was held at the Trading Hall of the Exchange whereby the gong was struck by the Chief Guest, SBP Governor, Mr. Jameel Ahmad. The Chairperson PSX, Dr. Shamshad Akhtar; CEO CDC, Mr. Badiuddin Akber; CEO NCCPL, Mr. Muhammad Lukman; CEOs of RDA offering banks and major securities brokers along with the Board of Directors and senior management of the participating organisations, including COO PSX Mr. Nadir Rahman, were the key participants at the occasion.

# روشن ایکویٹی انویسٹمنٹ اکاؤنٹ مارکیٹنگ مہم کا آغاز کرنے کے لیے پی ایس ایکس میں گونگ تقریب منعقد کی گئی

روشن ایکویٹی انویسٹمنٹ (REI) کی مارکیٹنگ مہم کی شروعات کے موقع پرپاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں ایک گونگ تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ کیپٹل مارکیٹ کے اداروں کے نمائندگان اور سربراہان، RDA میں حصہ لینے والے بینکوں، سیکیورٹیز بروکرز، اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کے نمائندے بھی اس پُروقار تقریب کا حصہ تھے۔ روشن ایکویٹی انویسٹمنٹ اکاؤنٹ ایک جدت پر مبنی پروڈکٹ ہے جس کے ذریعے غیر مقیم پاکستانی(بیرونِ ملک رہائش پذیر) پاکستان کی اسٹاک مارکیٹ میں آسانی کے ساتھ، تیزی سے اور ڈیجیٹل طریقے سے سرمایہ کاری کر سکتے ہیں۔ روشن ایکویٹی انویسٹمنٹ کے لیے مارکیٹنگ مہم اپنی نوعیت کی پہلی مہم ہے جہاں بینک اور کیپٹل مارکیٹ SROs ایک ساتھ اکٹھے ہوئے ہیں اور ایسے ممکنہ پاکستانی سرمایہ کار جو بیرونِ ملک مقیم ہیں ان تک پہنچنے میں تعاون فراہم کیا ہے۔

گونگ کی یہ تقریب ایکسچینج کے ٹریڈنگ ہال میں سجائی گئی جہاں مہمان خصوصی، اسٹیٹ بینک کے گورنر، جناب جمیل احمد کی جانب سے گونگ پر ضرب لگا ئی گئی۔ چیئرپرسن پی ایس ایکس، ڈاکٹر شمشاد اختر؛ سی ای او ،سی ڈی سی، جناب بدیع الدین اکبر؛ سی ای او، این سی سی پی ایل، جناب محمد لقمان؛ RDA آفر کرنے والے بینکوں کے سی ای اوز، اور بڑے سیکیورٹیز بروکرز کے ساتھ ساتھ شرکت کرنے والی تنظیموں کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اوران کی سینئر انتظامیہ بشمول سی او او،پی ایس ایکس جناب نادر رحمان اس تقریب کے اہم شرکا تھے۔










# PSX holds Gong Ceremony to mark the Listing of Globe Residency REIT (GRR)

Globe Residency REIT (GRR) was listed on the Pakistan Stock Exchange (PSX) by Arif Habib Dolmen REIT Management Limited at a Gong Ceremony, making it Pakistan's first listed Developmental Real Estate Investment Trust (REIT). Federal Minister for Finance & Revenue, Senator Ishaq Dar was the Chief Guest on the occasion. Besides the Federal Minister for Finance & Revenue, Dr Shamshad Akhtar, chairperson Pakistan Stock Exchange, Farrukh H Khan, CEO Pakistan Stock Exchange, Akif Saeed, Chairman SECP & Arif Habib, Chairman Arif Habib Group of Companies participated in the ceremony.

Arif Habib, Chairman, Arif Habib Dolmen REIT Management & Javedan Corporation, presented the welcome address. He said, "The REIT instrument allows investors a fresh avenue of a safe investment. This is also accessible to retail investors through listings".

Chief Guest Senator Ishaq Dar welcomed the new REIT listing at the Pakistan Stock Exchange emphasizing that his government has always been an advocate in promoting the Capital Market. He congratulated Arif Habib Group on being pioneers in REITs & the listing of Globe Residency REIT.

Dr. Shamshad Akhtar, Chairperson PSX & Former Governor SBP in her address commended Arif Habib Group's efforts to bring new products to the market & play its due role both in the financial & real economic segments.

Mr. Farrukh H Khan, MD, & CEO of PSX congratulated Mr. Arif Habib, Chairman, Arif Habib Dolmen REIT Management Limited for this landmark event on First listing of a Developmental REIT at PSX.









# پی ایس ایکس کی جانب سے گلوب ریذیڈنسی REIT (GRR) کی لسٹنگ کے موقع پر گونگ تقریب کا انعقاد کیا گیا

پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں ہونے والی ایک گونگ تقریب میں عارف حبیب ڈولمین REIT مینجمنٹ لمیٹڈ کی جانب سے گلوب ریذیڈنسی REIT (GRR) کی لسٹنگ عمل میں لائی گئی، جس سے یہ پاکستان کا پہلا لسٹڈ ڈیولپمنٹل رئیل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ (REIT) بن گیا۔ وفاقی وزیر خزانہ وریونیو سینیٹر اسحاق ڈار اس موقع پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے۔ تقریب میں وفاقی وزیر خزانہ و ریونیو کے علاوہ ڈاکٹر شمشاد اختر، چیئرپرسن پاکستان اسٹاک ایکسچینج، فرخ ایچ خان، سی ای او پاکستان اسٹاک ایکسچینج، عاکف سعید، چیئرمین ایس ای سی پی کے ساتھ ساتھ چیئرمین عارف حبیب گروپ آف کمپنیز،عارف حبیب نے بھی شرکت کی۔

چیئرمین، عارف حبیب ڈولمین REIT مینجمنٹ اینڈ جاویدان کارپوریشن ، عارف حبیب کی جانب سے خطبہ استقبالیہ پیش کیا گیا۔ انھوں نے کہا کہ، ‘‘REIT انسٹرومنٹ (دستاویزات ) سرمایہ کاروں کو ایک محفوظ سرمایہ کاری کے نئے راستے فراہم کرتا ہے۔ یہ لسٹنگ کے ذریعے خوردہ سرمایہ کاروں کے لیے بھی قابل رسائی ہے۔’’

مہمان خصوصی سینیٹر اسحاق ڈار نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں نئی REIT لسٹنگ کو خوش آئند قرار دیا اور اس بات پر زور دیا کہ ان کی حکومت کیپٹل مارکیٹ کو فروغ دینے میں ہمیشہ معاون رہی ہے۔ انھوں نے عارف حبیب گروپ کو REITs اور گلوب ریذیڈنسیREIT کی لسٹنگ پر مبارکباد پیش کی۔

پی ایس ایکس کی چیئرپرسن اور سابق گورنر ایس بی پی، ڈاکٹر شمشاد اختر نے اپنے خطاب میں مارکیٹ میں نئی مصنوعات متعارف کرانے اور مالیاتی اور حقیقی اقتصادی دونوں شعبوں میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے عارف حبیب گروپ کی کوششوں کو سراہا۔

پی ایس ایکس کے ایم ڈی، اور سی ای او جناب فرخ ایچ خان نے عارف حبیب ڈولمین REIT مینجمنٹ لمیٹڈ کے چیئرمین عارف حبیب کو پی ایس ایکس میں ڈیولپمنٹل REIT کی پہلی فہرست سازی پر اس تاریخی ایونٹ کے لیے مبارکباد دی۔

# PSX Introduces "Property" as a New Sector Classification

Pakistan Stock Exchange (PSX) has formally launched a new sector, "Property", for non-REIT real estate related listed companies. This addition takes PSX closer to a better and improved reflection of the economy in the composition of listed companies. This is an attempt to distinctly represent the important element of real estate and construction in Pakistan Stock Exchange. The addition of this sector increases the number of sectors on PSX to 36.

The three companies which have been placed in the "Property" sector are Javedan Corporation Limited which was previously reported in the Cement sector, Pace (Pakistan) Limited and TPL Properties Limited ,which were both previously reported in the Miscellaneous sector.

Speaking at the launch of the property sector on PSX, the MD & CEO, PSX, Mr. Farrukh H. Khan, stated, "The property sector is an integral part of the national economy of Pakistan. With the recent reforms and incentives given to the sector, it is poised to grow and become an engine of growth for the economy. The recent regulatory changes carried out by SECP, particularly for REITS, mean that the property sector will become an increasingly important part of the listed and formal economy. Hence it was important to create a separate sector classification so that investors can follow and invest in the sector easily."

He further stated, "The addition of a dedicated property sector on PSX with its constituent companies indicates the importance that PSX attaches to fully reflect the composition of Pakistan's economy at the Stock Exchange."

# پی ایس ایکس کی جانب سے‘‘پراپرٹی’’کو ایک نئے سیکٹر کی درجہ بندی کے طور پر متعارف کرایا گیا

پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) نے باقاعدہ طور پر نان- REIT رئیل اسٹیٹ سے متعلقہ لسٹڈ کمپنیوں کے لیے ایک نئے شعبے ‘‘پراپرٹی’’ کا آغاز کر دیا ہے۔ یہ اضافہ پی ایس ایکس کو لسٹڈ کمپنیوں کی تشکیل کے سلسلے میں معیشت کی عمدہ اور بہتر عکاسی کے قریب لے جاتا ہے۔ یہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں رئیل اسٹیٹ اور کنسٹرکشن کے اہم عنصر کی واضح نمائندگی کے حوالے سے ایک کوشش ہے۔پی ایس ایکس میں اس سیکٹر کے شامل ہونے بعد سیکٹرز کی تعداد ۳۶ ہو گئی ہے۔

تین کمپنیاں جنھیں ‘‘پراپرٹی’’ سیکٹر میں رکھا گیا ہے ان میں جاویداں کارپوریشن لمیٹڈ ہے جسے اس سے قبل سیمنٹ سیکٹر میں رپورٹ کیا گیا تھا، اس کے علاوہ پیس (پاکستان) لمیٹڈ اور ٹی پی ایل پراپرٹیز لمیٹڈ، کو اس سے قبل دونوں کو متفرق سیکٹر میں رپورٹ کیا گیا تھا۔

پی ایس ایکس کے ایم ڈی اور سی ای او،جناب فرخ ایچ خان کا پی ایس ایکس میں پراپرٹی سیکٹر کے آغاز کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ، ‘‘پراپرٹی سیکٹر پاکستان کی قومی معیشت کا ایک لازمی حصہ ہے۔ اس شعبے میں ہونے والی حالیہ اصلاحات اور مراعات کے ساتھ، یہ ترقی کرنے اور معیشت کے لیے ترقی کا انجن بننے کے حوالے سے پُر اعتماد ہے۔ ایس ای سی پی کی طرف سے کی گئی حالیہ ریگولیٹری تبدیلیاں، خاص طور پرجو REITS کے لیے وقوع پذیر ہوئیں، اس کا مطلب یہ ہے کہ پراپرٹی سیکٹرتیزی سے لسٹڈ اور رسمی معیشت کا اہم حصہ بن جائے گا۔ اس لیے یہ ضروری تھا کہ ایک الگ شعبے کی درجہ بندی کی جائے تاکہ سرمایہ کار آسانی سے اس شعبے کی تقلید کر سکیں اور سرمایہ کاری کر سکیں۔’’

انھوں نے مزید کہا کہ، ”پی ایس ایکس میں اس کی دستورساز (constituent) کمپنیوں کے ساتھ ایک وقف شدہ پراپرٹی سیکٹر کا اضافہ اس اہمیت کی نشاندہی کرتا ہے جو پی ایس ایکس ،اسٹاک ایکسچینج میں پاکستان کی معیشت کی ساخت کی مکمل عکاسی کرنے کے لیے دیتا ہے۔“

# PSX Launches the First Dividend Based Index - PSX Dividend 20 Index

In a major step forward towards facilitating investors, stakeholders, and market participants, Pakistan Stock Exchange (PSX) has launched its first fundamental index, PSX Dividend 20 Index. This index is designed to track the performance of the top 20 dividend paying companies at PSX whereby the companies are ranked and weighted based on their trailing 12-month dividend yield. Speaking at the launch of the PSX Dividend 20 index, the MD & CEO, PSX, Mr. Farrukh H. Khan, stated, “Pakistan Stock Exchange is consistently innovating and launching new products and offerings to enhance the investor and market participant experience. The PSX Dividend 20 index is the 14th equity index in Pakistan’s stock market facilitating market participants in utilising these indices to evaluate their investment portfolios. By identifying high dividend yielding companies, we believe that this index will be particularly helpful for investors in the current economic conditions”. Speaking at the occasion, Chief Product Officer & Regional Head PSX, Mr. Hassan Raza, stated, “The addition of the PSX Dividend 20 index would serve as a valuable tool for market participants as it is designed to screen companies based on their cash dividend payouts. This will enable market participants to select stocks of liquid companies in their portfolios which have the highest trailing 12 month dividend yield. I congratulate the PSX team for introducing this useful index in the stock market which will go a long way in aiding investors to assess and build their portfolios based on dividend paying companies”.

# پی ایس ایکس کی جانب سے پہلے ڈیویڈنڈ بیسڈ انڈیکس- پی ایس ایکس ڈیویڈنڈ ۲۰ انڈیکس کا آغاز کردیا گیا

سرمایہ کاروں، اسٹیک ہولڈرز اور مارکیٹ کے شرکا کو سہولت فراہم کرنے کے سلسلے میں ایک اہم قدم آگے بڑھاتے ہوئے، پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) نے اپنا پہلا بنیادی انڈیکس، پی ایس ایکس ڈیویڈنڈ ۲۰ انڈیکس کا آغاز کردیا ہے۔ مذکورہ انڈیکس کو پی ایس ایکس میں ڈیویڈنڈ ادا کرنے والی ٹاپ ۲۰ کمپنیوں کی کارکردگی کو ٹریک کرنے کے سلسلے میں ڈیزائن کیا گیا ہے جس کے تحت کمپنیوں کو ان کے پچھلے ۱۲ ماہ کے ڈیویڈنڈ کی پیداوار کی بنیاد پر درجہ بندی اوراہمیت دی جاتی ہے۔

پی ایس ایکس ڈیویڈنڈ ۲۰ انڈیکس کے اِجرا کے موقع پر، ایم ڈی اورسی ای او ، پی ایس ایکس ،جناب فرخ ایچ خان کا کہنا تھا کہ،’’پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی جانب سے سرمایہ کاروں اور مارکیٹ کے شرکا کے تجربے کو بڑھانے کے لیے مسلسل نئی مصنوعات اور پیشکشیں متعارف کروا ئی جارہی ہیں۔پی ایس ایکس ڈیویڈنڈ ۲۰ انڈیکس پاکستان کی ا سٹاک مارکیٹ کا ١٤ واں ایکویٹی انڈیکس ہے جو مارکیٹ کے شرکا کو ان (اشاریوں) انڈیکسز کو ان کے سرمایہ کاری کے پورٹ فولیوز کا جائزہ لینے کے لیے استعمال کرنے میں سہولت فراہم کرتا ہے۔ زیادہ منافع دینے والی کمپنیوں کی نشاندہی کرکے، ہمیں یقین ہے کہ یہ انڈیکس موجودہ معاشی حالات میں سرمایہ کاروں کے لیے خاص طور پر مددگار ثابت ہوگا۔‘‘

پی ایس ایکس کے چیف پروڈکٹ آفیسر اور ریجنل ہیڈ، جناب حسن رضا، نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ،’’پی ایس ایکس ڈیویڈنڈ ۲۰ انڈیکس کا اضافہ مارکیٹ کے شرکاکے لیے ایک قیمتی اوزار کے طور پر کام کرے گا کیونکہ یہ کمپنیوں کو ان کے کیش ڈیویڈنڈکی ادائیگی کی بنیاد پر اسکرین کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔یہ مارکیٹ کے شرکا کو اپنے پورٹ فولیو میں مائع کمپنیوں کے اسٹاک کو منتخب کرنے کے قابل بنائے گا جنھوں نے ۱۲ ماہ میں سب سے زیادہ ڈیویڈنڈ پیداوارفراہم کی ہے۔ میں اسٹاک مارکیٹ میں اس مفید انڈیکس کو متعارف کرانے پر پی ایس ایکس ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ،جو سرمایہ کاروں کو ڈیویڈنڈ ادا کرنے والی کمپنیوں کی بنیاد پر عمدہ طریقے سے اپنے پورٹ فولیو کا اندازہ لگانے اوراسے مرتب کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔“

# Innovative Fixed Income HBL Total Treasury ETF Launched at PSX

A new and innovative Exchange Traded Fund has been launched at Pakistan Stock Exchange (PSX), namely the HBL Total Treasury Exchange Traded Fund. This ETF, seventh to be launched on PSX, is a first of its kind as it consists of a blend of Government Debt Securities as the underlying asset class. This security is structured in the ETF form for investors to easily invest in a diversified pool of fixed income Government Debt Securities.

The HBL Total Treasury ETF's underlying assets consists of of cash & cash equivalent, Treasury Bills (TBills) and Pakistan Investment Bonds (PIBs). It is an open ended fixed income ETF which tracks its benchmark index, the HBL Total Treasury Index (HBLTTI). The closing NAV and the index performance of the ETF is available on PSX as well as the AMC websites for the benefit of investors.

Speaking at the launch of the HBL Total Treasury ETF, the MD & CEO PSX, Mr. Farrukh H. Khan, stated, "The launch of the seventh ETF on PSX, the HBL Total Treasury ETF, is an important and exciting development for the stock market, investors and all stakeholders. This ETF is the first of its kind and investors can now easily invest in a diversified pool of fixed income Government Debt Securities by doing a single trade through their brokers on the Ready Counter of the Exchange. Hence, investing in government securities is now as easy as investing in shares on PSX".

He further stated, "Introduction of the HBL ETF is part of PSX and the mutual fund industry's effort to provide a wide range of low cost ETFs for investors, allowing them to easily take exposure to different asset classes and investment strategies. This is the right time to launch this ETF as returns on fixed income securities are high. I congratulate the HBL AMC and HBL Bank on taking the lead and launching this innovative ETF that will fulfill an important gap in the investment products range in Pakistan".

## پی ایس ایکس میں جدید فکسڈ انکم ایچ بی ایل ٹوٹل ٹریژری ETF کا آغاز

پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں ایک نئے اور جدید ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈ کا آغاز کیا گیا ہے، جسے HBL ٹوٹل ٹریژری ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈ کا نام دیا گیا ہے۔ یہ پی ایس ایکس میں شروع ہونے والا ساتواں ای ٹی ایف ہے، یہ اپنی نوعیت کا پہلا ای ٹی ایف ہے کیونکہ یہ بنیادی اثاثہ جاتی کلاس کے طور پرگورنمنٹ ڈیبٹ سیکیورٹیز کے امتزاج پر مشتمل ہے۔ اس سیکیورٹی کوETF کی شکل میں سرمایہ کاروں کے لیے ترتیب دیا گیا ہے تاکہ وہ مقررہ آمدنی (فکسڈ انکم )والے گورنمنٹ ڈیبٹ سیکیورٹیز کے متنوع پول میں آسانی سے سرمایہ کاری کر سکیں۔

ایچ بی ایل ٹوٹل ٹریژری ETF کے بنیادی اثاثے نقد اور نقد کے مساوی، ٹریژری بلز (TBills) اور پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز (PIBs) پر مشتمل ہیں۔ یہ ایک اوپن اینڈ فکسڈ انکم ETF ہے جو اپنے بینچ مارک انڈیکس، ایچ بی ایل ٹوٹل ٹریژری انڈیکس (HBLTTI) کو ٹریک کرتا ہے۔سرمایہ کاروں کے فائدے کے لیے اختتامی NAV اور ETF کی انڈیکس کارکردگی پی ایس ایکس کے ساتھ ساتھ اے ایم سی کی ویب سائٹس پر بھی دستیاب ہے۔

پی ایس ایکس کے ایم ڈی اور سی ای او جناب فرخ ایچ خان کا ایچ بی ایل ٹوٹل ٹریژری ای ٹی ایف کے اِجراکے موقع پر کہنا تھا کہ،''پی ایس ایکس میں ساتویں ETF ،ایچ بی ایل ٹوٹل ٹریژری ETF،کا آغاز اسٹاک مارکیٹ، سرمایہ کاروں اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے لیے ایک اہم اور دلچسپ پیش رفت ہے۔ یہ اپنی نوعیت کا پہلا ای ٹی ایف ہے اور سرمایہ کار اب ایکسچینج کے ریڈی کاؤنٹر پر اپنے بروکرز کے ذریعے سنگل ٹریڈ کر کے فکسڈ انکم گورنمنٹ ڈیبٹ سیکیورٹیز کے متنوع پول میںبا آسانی سرمایہ کاری کر سکتے ہیں۔ لہٰذا، اب گورنمنٹ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کرنا اتنا ہی آسان ہے جتنا کہ پی ایس ایکس میں شیئرز میں سرمایہ کاری کرنا۔''

ان کا مزید کہنا تھا کہ، ”ایچ بی ایل ETF کا متعارف کرانا پی ایس ایکس کا حصہ ہے اور سرمایہ کاروں کے لیے کم قیمت ETFs کی ایک وسیع رینج فراہم کرنے کے حوالے سے میوچل فنڈ انڈسٹری کی کوشش ہے، جس سے وہ مختلف اثاثہ جاتی کلاسوں اور سرمایہ کاری کی حکمت عملیوں سے آسانی کے ساتھ مستفید ہو سکتے ہیں۔ یہ ETF کے آغاز کا صحیح وقت ہے کیونکہ فکسڈ انکم سیکیورٹیز پر منافع زیادہ ہے۔ میں ایچ بی ایل AMC اور ایچ بی ایل بینک کو اس جدید ETF کے آغاز پر مبارکباد پیش کرتا ہوں جو پاکستان میں سرمایہ کاری کی مصنوعات کی رینج میں ایک اہم خلا کو پورا کرے گا۔“

# PSX Announces Top 25 Companies Awards Recipients 2021

Pakistan Stock Exchange announces the much awaited list of the Top 25 Companies Awards recipients for the year 2021. The PSX Top 25 Companies Awards, initiated in the year 1978, have been presented to outstanding companies listed on the Stock Exchange.

The key pre-requisites for companies competing for this prestigious award include minimum dividend distribution of 30%, trading of shares for atleast 50% of the total trading days during the year, and the company not being in the Defaulters' Segment of the Exchange or not having trading in its shares suspended on account of violation of Listing Companies & Securities Regulations of the Exchange during the said year. Specific weightages are also included for reporting on Sustainable Development Goals (SDGs) as well as for Diversity & Inclusion to qualify for the PSX Top 25 Companies Award.

Companies which have shown outstanding performance in terms of corporate governance, financial performance, increasing shareholder value and have reported on sustainability make it to the Top 25 Companies list. Specifically, companies who have outperformed others in terms of their Profitability & Liquidity Ratios, Dividend & Solvency Payout Ratios, TSR, Free Float of Shares, Turnover of Shares, and specific quantifiers of Corporate Governance & Investors Relations, including metrics such as reporting on Corporate Social Responsibility (CSR), Sustainable Development Goals (SDGs), and Diversity & Inclusion are selected for the PSX Top 25 Companies Award.

Speaking at the occasion of announcement of the PSX Top 25 Companies Awards 2021, the MD & CEO PSX, Mr. Farrukh H. Khan, stated, "On behalf of Pakistan Stock Exchange, I warmly congratulate the recipients of the PSX Top 25 Companies Awards 2021. At a time when we need positive economic news and role models in Pakistan, the PSX Top 25 Companies Awards showcases the best of the best in corporate performance, profitability, governance, and reporting on sustainability in Pakistan's industry and business world. This Award presents a positive image of Pakistan's business and economy, both domestically and internationally. These companies are not just best in class in Pakistan but also compare with the best global companies."

# پی ایس ایکس کی جانب سے ۲۰۲۱ کے لیے ٹاپ ۲۵ کمپنیز ایوارڈز حاصل کرنے والوں کی فہرست کا اعلان کیا گیا

پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی جانب سے سال ۲۰۲۱ کے لیے ٹاپ ۲۵ کمپنیز ایوارڈز حاصل کرنے والوں کی فہرست کا اعلان کیا گیا ، جس کا بہت انتظار کیا جارہا تھا۔ پی ایس ایکس ٹاپ ۲۵ کمپنیز ایوارڈز، کا آغاز ۱۹۷۸ میں کیا گیا، جو کہ اسٹاک ایکسچینج میں درج شاندار کارکردگی کی حامل کمپنیوں کو پیش کیے جاتے ہیں۔

اس باوقار ایوارڈ کے لیے مقابلہ کرنے والی کمپنیوں کے حوالے سے کلیدی پیشگی شرائط میں کم از کم ۳۰فیصد ڈیویڈنڈ کی تقسیم، سال کے دوران مجموعی تجارتی دنوں کے کم از کم ۵۰فیصد دنوں میں شیئرز کی ٹریڈنگ، کمپنی ایکسچینج میں ڈیفالٹرز کے طور پر موجود نہ ہو یا مذکورہ سال کے دوران لسٹنگ کمپنیز اور ایکسچینج کے سیکیورٹیز ریگولیشنز کی خلاف ورزی کے سبب اس کے شیئرز کی ٹریڈنگ معطل نہ کی گئی ہو، یہ چیزیں شامل ہیں۔پی ایس ایکس ٹاپ ۲۵ کمپنیز ایوارڈ کے سلسلے میں کوالیفائی کرنے کے لیے سسٹین ایبل ڈیولپمنٹ گولز (SDGs) کی رپورٹنگ کے ساتھ ساتھ تنوع اور شمولیت کے لیے مخصوص ویٹیجزبھی شامل کیے گئے ہیں۔

وہ کمپنیاں جنھوں نے کارپوریٹ گورننس، مالیاتی کارکردگی ، شیئر ہولڈر کی قدر میں اضافے اور پائیداری (sustainability) کے حوالے سے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے وہ ٹاپ ۲۵ کمپنیوں کی فہرست میں شامل ہوتی ہیں۔ خاص طور پر، وہ کمپنیاں جنھوں نے اپنے منافع اور لیکویڈیٹی کے تناسب، ڈیویڈنڈ اور سولوینسی کی ادائیگی کے تناسب، TSR، شیئرز کے مفت فلوٹ، شیئرز کے ٹرن اوور، اور کارپوریٹ گورننس اور سرمایہ کاروں کے تعلقات کے مخصوص کوانٹیفائرز، بشمول کارپوریٹ سماجی ذمہ داری (سی ایس آر)، پائیدار ترقیاتی اہداف (SDGs)، اور تنوع اور شمولیت پر رپورٹنگ جیسے میٹرکس کے لحاظ سے دوسروں کو پیچھے چھوڑ دیا ہے، انھیں پی ایس ایکس ٹاپ ۲۵ کمپنیز ایوارڈ کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔

پی ایس ایکس ٹاپ ۲۵ کمپنیز ایوارڈز ۲۰۲۱ کے اعلان کے موقع پر، ایم ڈی اور سی ای او پی ایس ایکس، جناب فرخ ایچ خان کا کہنا تھا کہ، ”پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی جانب سے، میں پی ایس ایکس ٹاپ ۲۵ کمپنیز ایوارڈز ۲۰۲۱ حاصل کرنے والوں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ایک ایسے وقت میں جب پاکستان میں ہمیں مثبت معاشی خبروں اور رول ماڈلز کی ضرورت ہے،پی ایس ایکس ٹاپ ۲۵ کمپنیز ایوارڈز پاکستان کی صنعت اور کاروباری دنیا میں کارپوریٹ کارکردگی، منافع، گورننس، اور سسٹین ایبلیٹی کے بارے میں رپورٹنگ کے حوالے سے بہترین کارکردگی کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ ایوارڈ ملکی اور بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے کاروبار اور معیشت کا ایک مثبت تاثر پیش کرتا ہے۔ یہ کمپنیاں نہ صرف پاکستان کی بہترین کمپنیاں ہیں بلکہ بہترین عالمی کمپنیوں کے ساتھ مماثلت بھی رکھتی ہیں۔“

The companies that made it to the Top 25 Companies Awards list in 2021, in order of their performance ranking, are:

1. Fauji Fertilizer Company Limited
2. Engro Corporation Limited
3. Systems Limited
4. Ferozsons Laboratories Limited
5. Engro Fertilizers Limited
6. Security Papers Limited
7. Dawood Hercules Corporation Limited
8. Habib Bank Limited
9. TRG Pakistan Limited
10. Meezan Bank Limited
11. The Hub Power Company Limited
12. MCB Bank Limited
13. Cyan Limited
14. EFU Life Assurance Limited
15. Pakistan Oilfields Limited
16. Bank Alfalah Limited
17. Jubilee Life Insurance Company Limited
18. International Industries Limited
19. Engro Polymer & Chemicals Limited
20. Mari Petroleum Company Limited
21. Gadoon Textile Mills Limited
22. International Steels Limited
23. Pakistan Cables Limited
24. Packages Limited
25. Adamjee Insurance Company Limited

وہ کمپنیاں جو اپنی کارکردگی کی درجہ بندی کے لحاظ سے ۲۰۲۱ میں ٹاپ ۲۵ کمپنیز ایوارڈز کی فہرست میں جگہ بنانے میں کامیاب رہی ہیں، درج ذیل ہیں:

١ فوجی فرٹیلائزر کمپنی لمیٹڈ

٢. اینگرو کارپوریشن لمیٹڈ

٣. سسٹمز لمیٹڈ

٤. فیروزسن لیبارٹریز لمیٹڈ

٥. اینگرو فرٹیلائزرز لمیٹڈ

٦. سیکورٹی پیپرز لمیٹڈ

٧. داؤد ہرکولیس کارپوریشن لمیٹڈ

٨. حبیب بینک لمیٹڈ

٩. ٹی آر جی پاکستان لمیٹڈ

١٠. میزان بینک لمیٹڈ

١١. حب پاور کمپنی لمیٹڈ

١٢. ایم سی بی بینک لمیٹڈ

١٣. سیان لمیٹڈ

١٤. ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ

١٥. پاکستان آئل فیلڈز لمیٹڈ

١٦. بینک الفلاح لمیٹڈ

١٧. جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ

١٨. انٹرنیشنل انڈسٹریز لمیٹڈ

١٩. اینگرو پولیمر اینڈ کیمیکلز لمیٹڈ

٢٠. ماری پیٹرولیم کمپنی لمیٹڈ

٢١. گدون ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ

٢٢. انٹرنیشنل اسٹیلز لمیٹڈ

٢٣. پاکستان کیبلز لمیٹڈ

٢٤. پیکجز لمیٹڈ

٢٥. آدم جی انشورنس کمپنی لمیٹڈ

# PSX Launches Digitised Listing Process

In a revolutionary move forward, Pakistan Stock Exchange (PSX) has digitised the process of listing through an online portal called PRIDE, i.e. Public Offerings Revolutionized through an Integrated and Digitized Experience. The online portal is designed to automate the listing process from end to end.

Through PRIDE, Lead Managers, Advisors or Consultants can submit online applications & documentation for listing of equity, debt, mutual funds and Exchange Traded Funds (ETFs). Moreover, PRIDE can be utilised by companies or consultants to submit documents against Reverse Merger or Voluntary Delisting as well. The soft launch of PRIDE was conducted in December 2021, subsequent to which Listing and IT Units of PSX worked on addressing areas of improvement based on feedback received from Consultants, Advisors and Lead Managers. The PRIDE portal now offers advanced and superior features for an enhanced user experience.

Speaking at the launch of PRIDE, the MD & CEO PSX, Farrukh H. Khan, stated, “PRIDE is a major step forward in enhancing the capital raising and listing experience on the Stock Exchange through a digitised approach. The utility and importance of this innovative portal is multifold in that it provides a convenient method for filing of listing applications, simplified tracking of listing application status, and record retention. Moreover, both the SECP and PSX can use this platform to share their approvals with issuers of equity and debt securities”.

He further stated, “Pakistan Stock Exchange is truly proud of the innovative digital facility, PRIDE, as it will go a long way in facilitating and easing the process of listing. PRIDE reflects the commitment of PSX as a frontline regulator in providing best in-class digital experience to market participants, thereby supporting ease of doing business for Advisors & Consultants. I congratulate the listing and IT teams on this achievement.”

## پی ایس ایکس نے ڈیجیٹائزڈ لسٹنگ کا عمل شروع کردیا

ایک انقلابی اقدام کرتے ہوئے، پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) نے پرائیڈ (PRIDE) نامی آن لائن پورٹل کے ذریعے لسٹنگ کے عمل کو ڈیجیٹائز کیا ہے، یعنی عوامی پیشکشوں کو ایک مربوط اور ڈیجیٹل تجربے کے ذریعے انقلابی شکل دی گئی ہے (پبلک آفرنگز ریولوشنائزڈ تھرو این انٹیگریٹڈ اینڈ ڈیجیٹائزڈ ایکسپیر ینس )۔ لسٹنگ کے عمل کواینڈ ٹو اینڈ (ایک سے دوسرے سرے تک) خودکار بنانے کے لیے اس آن لائن پورٹل کوڈیزائن کیا گیا ہے۔

پرائیڈ کے ذریعے، لیڈ منیجرز، مشیر یا کنسلٹنٹس ایکویٹی، ڈیبٹ، میوچل فنڈز اور ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز (ETFs) کی فہرست سازی کے لیے آن لائن درخواستیں اور دستاویزات جمع کرا سکتے ہیں۔ مزید یہ کہ، کمپنیاں یا کنسلٹنٹس ریورس انضمام(Merger) یا رضاکارانہ ڈی لسٹنگ کے خلاف بھی دستاویزات جمع کرانے کے لیے پرائیڈ کا استعمال کرسکتے ہیں۔ دسمبر ۲۰۲۱ میں پرائیڈ کا سافٹ لانچ عمل میں لایا گیا تھا، جس کے بعد پی ایس ایکس کی لسٹنگ اور IT یونٹس نے کنسلٹنٹس، ایڈوائزرز اور لیڈ منیجرز سے موصول ہونے والے تاثرات کی بنیاد پر جہاں بہتری کی گنجائش تھی اسے حل کرنے کے لیے کام کیا۔ پرائیڈ پورٹل اب صارف کو بہتر تجربہ فراہم کرنے کے لیے جدید اور اعلیٰ خصوصیات پیش کرتا ہے۔

پرائیڈ کے آغاز کے موقع پرپی ایس ایکس کے ایم ڈی اور سی ای او فرخ ایچ خان نے بات کرتے ہوئے کہا کہ،’’ پرائڈ ڈیجیٹلائزڈ حکمت عملی کے ذریعے اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ جمع کرنے اورلسٹنگ کے تجربے کو بڑھانے کے سلسلے میں ایک اہم قدم ہے۔ اس جدت پر مبنی پورٹل کی افادیت اور اہمیت اس لحاظ سے کئی گنا زیادہ ہے کہ یہ فہرست سازی کی درخواستوں کو فائل کرنے، فہرست سازی کی درخواست کی حیثیت کی ٹریکنگ اور ریکارڈ کو برقرار رکھنے کے لیے ایک آسان طریقہ فراہم کرتا ہے۔ اس کے علاوہ، SECP اور پی ایس ایکس دونوں اس پلیٹ فارم کو ایکویٹی اور ڈیبٹ سیکیورٹیز کا اِجرا کرنے والوں کے ساتھ اپنی منظوریوں کا اشتراک کرنے کے سلسلے میں استعمال کر سکتے ہیں۔‘‘

مزید ان کا کہنا تھا کہ،”پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو جدید ڈیجیٹل سہولت، پرائیڈ پر بلا شبہ فخر ہے، کیونکہ یہ لسٹنگ کے عمل میں سہولت فراہم کرنے اوراسے آسان بنانے کے لیے طویل المعیاد بنیادوں پر کام کرے گا۔پرائیڈ مارکیٹ کے شرکا کو بہترین ان -کلاس ڈیجیٹل تجربہ فراہم کرنے کے سلسلے میں فرنٹ لائن ریگولیٹر کے طور پر پی ایس ایکس کے عزم کی عکاسی کرتا ہے، اس طرح مشیروں اور کنسلٹنٹس کے لیے کاروبار کرنے میں آسانی فراہم کرنے کے حوالے سے تعاون کرتا ہے۔ میں اس کامیابی پر لسٹنگ اور آئی ٹی ٹیموں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔“

# PSX Wins Best Islamic Stock Exchange Award 2022 for the Second Consecutive Year

Pakistan Stock Exchange (PSX) has made a tremendous achievement by winning the Best Islamic Stock Exchange Award 2022 presented by Global Islamic Finance Awards (GIFA). This is the second consecutive year in which PSX has been awarded this prestigious accolade. GIFA is an internationally acclaimed platform recognizing excellence in banking and finance in the Islamic world. Since 2011, the Awards have been presented to individuals, institutions and government departments across the world who have shown outstanding performance in promoting Islamic banking and finance and in terms of commitment to social responsibility.

Speaking at the occasion, the PSX MD & CEO, Mr. Farrukh H. Khan, stated, "Pakistan Stock Exchange is proud and honoured to receive the Best Islamic Stock Exchange Award 2022 presented by Global Islamic Finance Awards, for the second consecutive year. This is an endorsement of the strength and robustness of PSX in presenting a comprehensive suite of products, offerings and regulatory enhancements in the Islamic finance sector".

He further stated, "With 252 Shariah-compliant companies making up more than 70% of the total market cap of all companies listed on the Stock Exchange, there is a strong presence of Shariah compliant products on PSX catering to investors interested in investing and companies, as well as the government, in raising capital as per principles of Islamic finance. Today, Islamic finance products are the fastest growing in Pakistan. Pakistan Stock Exchange has been working for many years to bring Islamic finance offerings on the capital markets of Pakistan. PSX provides a platform for financial institutions to create and bring new products and offerings whether Sukuks, Shariah-compliant mutual funds, modarabas, ETFs and others. This Award is a recognition of excellence and achievement on part of PSX in offering Islamic finance products and offerings. While being immensely proud of this achievement, PSX sincerely thanks GIFA for bestowing us with this honour which would not have been possible without the support of SECP, PSX board and the management team".

## پی ایس ایکس نے مسلسل دوسرے سال بہترین اسلامک اسٹاک ایکسچینج ایوارڈ ۲۰۲۲ جیت لیا

پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) نے گلوبل اسلامک فنانس ایوارڈز (GIFA) کی جانب سے پیش کردہ بہترین اسلامک اسٹاک ایکسچینج ایوارڈ ۲۰۲۲ اپنے نام کرتے ہوئے ایک شاندار کامیابی حاصل کی۔ یہ مسلسل دوسرا سال ہے جس میں پی ایس ایکس کو اس باوقار اعزاز سے نوازا گیا ہے۔ GIFA بین الاقوامی سطح پر تسلیم کیا جانے والا ایک نمایاں پلیٹ فارم ہے جو اسلامی دنیا میں بینکنگ اور فنانس میں مہارت کو سراہتا ہے۔ یہ ایوارڈز ۲۰۱۱ سے عالمی سطح پر ان افراد، اداروں اور سرکاری محکموں کو پیش کیے جا رہے ہیں جنھوں نے اسلامی بینکاری اور فنانس کو فروغ دینے اور سماجی ذمہ داری سے وابستگی کے حوالے سے شاندار کارکردگی دکھائی ہے۔

اس موقع پرگفتگو کرتے ہوئے پی ایس ایکس کے ایم ڈی اور سی ای او جناب فرخ ایچ خان نے کہا کہ،"پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو مسلسل دوسرے سال گلوبل اسلامک فنانس ایوارڈز کی جانب سے پیش کردہ بہترین اسلامک اسٹاک ایکسچینج ایوارڈ ۲۰۲۲ حاصل کرنے پر فخر اور یہ اعزاز کی بات ہے۔ یہ اسلامک فنانس سیکٹر میں پروڈکٹس،آفرنگز اور ریگولیٹری بہتری کا ایک جامع مجموعہ پیش کرنے کے حوالے سے پی ایس ایکس کی قوت اور مضبوطی کی توثیق ہے۔"

ان کا مزید کہنا تھا کہ، ۲۵۲ شریعہ-کمپلائنٹ کمپنیوں کے ساتھ جوکہ ا سٹاک ایکسچینج میں درج تمام کمپنیوں کے کل مارکیٹ کیپ کا ۷۰فیصد سے زیادہ ہیں، اسلامی مالیات کے اصولوں کے مطابق سرمایہ اکٹھا کرنے کے حوالے سے سرمایہ کاری میں دلچسپی رکھنے والے سرمایہ کاروں اور کمپنیوں کے ساتھ ساتھ حکومت کے لیے پی ایس ایکس میں شریعہ کمپلائنٹ پروڈکٹس مضبوط حیثیت میں موجود ہیں ۔ آج اسلامک فنانس پروڈکٹس پاکستان میں سب سے تیزی سے بڑھ رہی ہیں۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج، پاکستان کی کیپٹل مارکیٹس میں اسلامک فنانس آفرنگز لانے کے لیے کافی سالوں سے مصروف ِعمل ہے۔ پی ایس ایکس مالیاتی اداروں کو نئی مصنوعات اور آفرنگز بنانے اور لانے کے سلسلے میں ایک پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے چاہے وہ سکوک، شریعت کے مطابق میوچل فنڈز، مضاربہ، ETFsاور دیگر ہوں۔ یہ ایوارڈ اسلامی مالیاتی مصنوعات اور آفرنگز کی پیشکش کے حوالے سے پی ایس ایکس کی جانب سے شاندار کارکردگی اور کامیابیوں کا اعتراف ہے۔ اس کامیابی پر بے انتہا فخر کرتے ہوئے، پی ایس ایکس GIFA کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہے کہ اس نے ہمیں اس اعزاز سے نوازا جو کہSECP، پی ایس ایکس بورڈ اور مینجمنٹ ٹیم کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں تھا۔






# PSX Goes Live with Public PRIDE

After implementing the PRIDE system, which automated the listing process for debt and equity issues, Pakistan Stock Exchange has gone live with Public PRIDE which is a one-stop solution focused on investors for all information on upcoming public offerings. Public PRIDE can be accessed at https://www.psx.com.pk/psx/pride . It has been developed to keep the investors and general public aware of the investment avenues available in the primary market.

Public PRIDE concentrates all information relating to upcoming Main Board listings and Publicly Issued Debt listings. It helps investors to know the status of these listing applications and to view their relevant documentation prior to making an investment decision. Public PRIDE is an extension of PRIDE which was soft launched in December 2021 and was fully launched in September 2022. Taking the vision of digitisation forward, Public PRIDE aims to ensure seamless flow of information to the general public through its webpage

The listing process used to be a manual process with significant amount of allied documentation in hard copies involved. Moreover, there was some amount of duplication involved in the process of application filing and approvals for listing. With PRIDE, which stands for Public Offerings Revolutionized through an Integrated & Digitized Experience, the process of listing has been fully digitised. PRIDE is a one stop solution facilitating Consultants, Advisors and Lead Managers to electronically submit applications for the listing of equity, debt, mutual funds and Exchange Traded Funds (ETFs). Furthermore, it can be utilised to submit applications for Reverse Merger or Voluntary Delisting as well.

Speaking at the Go-Live of Public PRIDE, the MD & CEO PSX, Farrukh H. Khan, stated, “After successfully implementing PRIDE, which has been well received by consultants, advisors and issuers, we are excited to launch Public PRIDE, which will meet the needs of investors and provide information about upcoming debt and equity issues to the entire market in a transparent manner. The general public, including investors, can keep abreast with the status of listing of Main Board companies as well as Publicly Issued Debt on PSX. This information will enhance and augment the experience for investors and assist them in investment decisions in the primary market. I congratulate the PSX team for working hard to bring timely information, in a transparent manner, to investors through this technological innovation.”

# پی ایس ایکس پبلک پرائیڈ کے ساتھ لائیو ہو گیا

ایک انقلابی اقدام کرتے ہوئے، پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) نے پرائیڈ (PRIDE) نامی آن لائن پورٹل کے ذریعے لسٹنگ کے عمل کو ڈیجیٹائز کیا ہے، یعنی عوامی پیشکشوں کو ایک مربوط اور ڈیجیٹل تجربے کے ذریعے انقلابی شکل دی گئی ہے (پبلک آفرنگز ریولوشنائزڈ تھرو این انٹیگریٹڈ اینڈ ڈیجیٹائزڈ ایکسپیر ینس )۔ لسٹنگ کے عمل کواینڈ ٹو اینڈ (ایک سے دوسرے سرے تک) خودکار بنانے کے لیے اس آن لائن پورٹل کوڈیزائن کیا گیا ہے۔

پرائیڈ کے ذریعے، لیڈ منیجرز، مشیر یا کنسلٹنٹس ایکویٹی، ڈیبٹ، میوچل فنڈز اور ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز (ETFs) کی فہرست سازی کے لیے آن لائن درخواستیں اور دستاویزات جمع کرا سکتے ہیں۔ مزید یہ کہ، کمپنیاں یا کنسلٹنٹس ریورس انضمام(Merger) یا رضاکارانہ ڈی لسٹنگ کے خلاف بھی دستاویزات جمع کرانے کے لیے پرائیڈ کا استعمال کرسکتے ہیں۔ دسمبر ٢٠٢١ میں پرائیڈ کا سافٹ لانچ عمل میں لایا گیا تھا، جس کے بعد پی ایس ایکس کی لسٹنگ اور IT یونٹس نے کنسلٹنٹس، ایڈوائزرز اور لیڈ منیجرز سے موصول ہونے والے تاثرات کی بنیاد پر جہاں بہتری کی گنجائش تھی اسے حل کرنے کے لیے کام کیا۔ پرائیڈ پورٹل اب صارف کو بہتر تجربہ فراہم کرنے کے لیے جدید اور اعلیٰ خصوصیات پیش کرتا ہے۔


## انتباہ

اس مضمون کے مواد میں مالیاتی مصنوعات سے متعلق معلومات شامل ہیں، بشمول سیکیورٹیز، ڈیریویٹیوز پروڈکٹس، لسٹڈ کمپنیاں یا پی ایس ایکس میں لسٹنگ کے لیے تجویز کردہ کمپنیاں ، تاہم یہ ان تک محدود نہیں، جبکہ فریق ثالث کا کوئی بھی مواد خالصتاً عمومی نوعیت کا ہوتا ہے اور صرف معلوماتی اور تعلیمی مقاصد کے لیے فراہم کیا جاتا ہے۔ اس طرح کے مواد/معلومات کا مقصد کسی بھی شکل یا قسم کی تجارت یا سرمایہ کاری کامشوہ فراہم کرنا نہیں ہے اور اسے کسی بھی صورت میں پی ایس ایکس کی طرف سے مذکورہ مصنوعات، سیکیورٹی یا کمپنی کی خوبیوں کے بارے میں کوئی سفارش، رائے یا اشارہ فراہم کرنے کے طور پر نہیں سمجھا جائے گا اور اسے تمام قابلِ اطلاق ریگولیٹری دفعات کی جامع اور تشریحی معنوں کے طور پر بھی نہیں سمجھا جائے گا۔

ذرائع: پاکستان گلف اکانومسٹ مورخہ 10، نومبر 2022
/https://www.pakistangulfeconomist.com/2022/10/24/financial-advice-for-millennials

# What is a mutual fund? How does it work

A mutual fund is a collection or assortment of stocks, bonds, money market instruments and similar assets. Broadly speaking, a mutual fund can be a collection of various stocks or stocks & bonds or government bonds & certificates of deposits or stocks & fixed income securities or any other combination of securities that are grouped together as a single investment instrument. Mutual fund investments are governed by Money Managers or Fund Managers, who invest or manage the funds in a way to create capital gains for income of investors. Mutual funds are operated by Asset Management Companies (AMCs) which exist in the form of public limited companies registered under the Companies Ordinance 1984. A Trust (and Trust Deed) is established by the Asset Management Company through which a mutual fund is launched. The Trustee performs the functions of the custodian of the assets of the fund whereas the Fund Manager takes the investment/ operational decisions regarding the fund.

## میوچل فنڈ کیا ہے؛ یہ کیسے کام کرتا ہے

ااسٹاک، بانڈز، منی مارکیٹ کی دستاویزات اور اسی طرح کے دیگر اثاثوں کے مجموعے یا درجہ بندی کو میوچل فنڈ کہتے ہیں۔ اگر وسیع معنوں میں کہا جائے تو، ایک میوچل فنڈ مختلف اسٹاکس یا اسٹاکس اور بانڈز یا گورنمنٹ بانڈز اور ڈپازٹس کے سرٹیفکیٹس یا اسٹاکس اور فکسڈ انکم سیکیورٹیز یا سیکیورٹیز کے کسی دیگر مرکب کا مجموعہ ہوسکتا ہے جو ایک ہی سرمایہ کاری کی دستاویزات(انسٹرونٹ) کے طور پر اکٹھے کیے گئے ہیں۔

میوچل فنڈ کی سرمایہ کاری کا عمل منی منیجرز یا فنڈ منیجر ز کے زیر انتظام انجام پاتا ہے، جو سرمایہ کاروں کی آمدنی کے لیے سرمایہ حاصل کرنے کے سلسلے میں فنڈز کی سرمایہ کاری یا انتظام کرتے ہیں۔میوچل فنڈز کو ایسٹ مینجمنٹ کمپنیز (AMCs) کے ذریعے چلایا جاتا ہے جو کہ کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸٤ کے تحت رجسٹرڈ پبلک لمیٹڈ کمپنیوں کی شکل میں موجود ہیں۔ ایک ٹرسٹ (اور ٹرسٹ ڈیڈ) کی بنیاد ایسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ذریعے رکھی جاتی ہے جس کے تحت ایک میوچل فنڈ کا آغاز کیا جاتا ہے۔ایک ٹرسٹی فنڈ کے اثاثوں کے سرپرست (کسٹوڈین) کے طور پر فرائض انجام دیتا ہے جبکہ فنڈ منیجر فنڈ سے متعلق سرمایہ کاری/ آپریشنل فیصلے کرتا ہے۔

# Why Invest in Mutual Funds:

Mutual funds provide for an optimal investment package to invest into in order to get competitive returns to meet long term or short term financial goals. An investor may have long term financial goals such as arranging funds for child's marriage or saving for retirement or for child's education etc. Conversely, an investor may have short term financial goals such as saving for going on a vacation or cruise or buying a new car etc.

It is pertinent to mention that the investor must have his investment objectives outlined for himself as to what is his risk/ return profile, how much can he invest and for how long. These are some basic questions that an investor must know the answers to before making any investments.

## میوچل فنڈز میں کیوں سرمایہ کاری کی جائے

میوچل فنڈز طویل المعیاد یا قلیل المعیاد مالی اہداف کو پورا کرنے کے لیے مسابقتی منافع حاصل کرنے کے حوالے سے سرمایہ کاری کے سلسلے میں ایک بہترین سرمایہ کاری پیکیج فراہم کرتے ہیں۔ بطور سرمایہ کار آپ کے مختلف طویل المعیاد مالی اہداف ہو سکتے ہیں جیسے بچے کی شادی کے لیے فنڈز کا بندوبست کرنا یا ریٹائرمنٹ کے لیے بچت کرنا یا بچوں کی تعلیم وغیر ہ کے اخراجات۔ اس کے برعکس، ایک سرمایہ کار کی حیثیت سے کسی کے پاس قلیل مدتی مالی اہداف بھی ہو سکتے ہیں جیسے کہ چھٹیوں کے لیے یا بحری جہاز پر سیر کو جانے کے لیے بچت کرنا یا نئی کار خریدنے وغیرہ کے لیے سرمایہ کاری کرنا۔

اس بات کا ذکر کرنا یہاں برمحل ہو گا کہ سرمایہ کار کو اپنے سرمایہ کاری کے مقاصد کا اچھی طرح علم ہونا چاہیے کہ اس کا رسک/ریٹرن پروفائل کیا ہے، وہ کتنی سرمایہ کاری کر سکتا ہے اور کتنے عرصے کے لیے کرسکتا ہے۔ یہ کچھ بنیادی سوالات ہیں جن کے جوابات ایک سرمایہ کار کے لیے کسی بھی طرح کی سرمایہ کاری کرنے سے پہلے جاننا ضروری ہے۔

# Benefits of Investing in Mutual Funds

By investing in mutual funds, the investor gets the advantage of investing in various securities in one investment package. This allows the investor to have a diversified portfolio of securities and have his investments managed by professionals.

Furthermore, by investing in mutual funds, the investor is also able to avail tax credit. This tax credit is available for individuals on the lower of (a) the amount of actual Cost of Investment, (b) 20% of Taxable Income for the tax year or (c) Rs 1 Mn. The tax credit availed on acquisition of such shares will need to be paid back, if such shares are disposed of within 24 months of the date of acquisition.

For self-employed individuals, the maximum tax credit of Rs 220,417/- is available on annual taxable income of Rs 6 Mn or above at an average rate of 22% whereas Rs 203,571/- is the maximum tax credit available on annual taxable income of Rs 7 Mn or more at an average tax rate of 20%.

For more details on the above, please consult: www.mufap.com.

## میوچل فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کے فوائد

میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری کے ذریعے، سرمایہ کار کو ایک سرمایہ کاری پیکیج میں مختلف سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کرنے کا موقع ملتا ہے۔ یہ سرمایہ کار کو سیکیورٹیز کا متنوع پورٹ فولیو رکھنے اور پیشہ ور افراد کے ذریعے اپنی سرمایہ کاری کا انتظام کرنے کی اہلیت کا حامل بناتا ہے۔

مزید یہ کہ، میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری کرکے، سرمایہ کار ٹیکس کریڈٹ حاصل کرنے کے بھی قابل ہوجاتا ہے۔ یہ ٹیکس کریڈٹ ان افراد کے لیے دستیاب ہے جو(الف) سرمایہ کاری کی اصل لاگت کی رقم، (ب) ٹیکس والے سال کے لیے قابلِ ٹیکس آمدنی کا 20 فیصدیا (ت) ایک ملین روپے سے کم کے حامل ہیں۔ اگر ایسے حصص حصول کی تاریخ کے 24 ماہ کے اندر ختم کردیئے جائیں تو، اس طرح کے حصص کے حصول پر حاصل کردہ ٹیکس کریڈٹ کو واپس ادا کرنا ہو گا۔

خود کاروبارکرنے والے افراد کے لیے، 220,417 روپے کا زیادہ سے زیادہ ٹیکس کریڈٹ 22 فیصدکی اوسط شرح سے 6 ملین روپے یا اس سے زیادہ کی سالانہ قابلِ ٹیکس آمدنی پر پر دستیاب ہے جبکہ 203,571روپے زیادہ سے زیادہ ٹیکس کریڈٹ ہے جو7 ملین روپے یا اس سے زیادہ کی سالانہ قابلِ ٹیکس آمدنی پر 20 فیصد کی اوسط ٹیکس کی شرح پر دستیاب ہے.

اوپر دی گئی معلومات کے بارے میں مزید تفصیلات کے لیے، برائے مہر بانی www.mufap.com ملاحظہ کریں

# Types of Mutual Funds

Types of Mutual Funds: An investor must be aware of the two broad types of mutual funds. They are

— **Closed-Ended Mutual Funds:** These funds are traded on the Secondary Market, following an IPO. However, not all closed-ended mutual funds are listed on the Stock Exchange.

— **Open-Ended Mutual Funds:** These funds are issued in the form of Units to investors, which can be redeemed, as well, on the basis of their Net Asset Value (NAV) at any time. These funds can be purchased and redeemed through the Management Company which announces their offer and redemption prices daily. These funds can also be listed on the Stock Market.

## میوچل فنڈز کی اقسام

ایک سرمایہ کار کو دو وسیع اقسام کے میوچل فنڈز سے آگاہی حاصل ہونی چاہیے ،جو کہ یہ ہیں۔

— **کلوزڈ- اینڈڈ میوچل فنڈز:** یہ فنڈز سیکنڈری مارکیٹ میںآئی پی او کے بعد ٹریڈ کیے جاتے ہیں۔ تاہم، تمام کلوز-اینڈڈ میوچل فنڈز اسٹاک ایکسچینج میں درج نہیں ہوتے ہیں۔

— **اوپن- اینڈڈ میوچل فنڈز:** یہ فنڈز یونٹس کی شکل میں سرمایہ کاروں کو جاری کیے جاتے ہیں، جنھیں کسی بھی وقت ان کے نیٹ ایسٹ ویلیو (NAV) کی بنیاد پر واپس بھی کیا جا سکتا ہے۔ ان فنڈز کو مینجمنٹ کمپنی کے ذریعے خریدا اورواپس(redeemed) کیا جا سکتا ہے جو روزانہ کی بنیادوں پر اپنی پیشکش اور واپسی کی قیمتوں کا اعلان کرتی ہے۔ ان فنڈز کا اسٹاک مارکیٹ میں بھی ا ندراج کیا جاسکتا ہے

# Categories of Mutual Funds

Mutual Funds are of various categories. An investor may invest in the fund that suits his investment strategy, time horizon of investment, how much risk he can tolerate, what are his cash flow requirements or any other investment objectives/ requirements. An investor may consult the Mutual Funds Association of Pakistan (website: www.mufap.com ) for further guidance. The categories of funds are listed as follows:

| Fund Category | Investment In | Characteristics & Features |
|---|---|---|
| Money Market Fund | Short-term fixed income securities | Higher risk, high return. Potential to invest 90% of net assets in equities at any point in time. Varying investment of assets within the fund |
| Income Fund | Money market securities, Term Finance Certificates/ Sukuks, Commercial Paper, & spread transactions. | Less risk, limited capital appreciation. These funds are required to sustain atleast 25% of net assets in cash and/or near cash instruments to meet liquidity requirements |
| Equity Fund | Stocks | High risk level, high capital appreciation |
| Balanced Fund | Equities & fixed income securities | Lesser risky with objective of growth & regular income. About 30% to 70% of the net assets are invested in listed equities |
| Asset Allocation Fund | Equities & fixed income securities | Higher risk, high return. Potential to invest 90% of net assets in equities at any point in time. Varying investment of assets within the fund |
| Capital Protected Fund | Term Deposit & as per authorised investments in the offering document | The original amount of the investment is protected. These funds have a mutually agreed upon fixed maturity period |
| Index Tracker Fund | Securities and stocks to mirror a market index such as the KSE 100 Index | The fund's performance tracks the underlying index's performance. Atleast 85% of net assets is required to be invested insecurities that constitute the selected index or its subset. The balances of netassets are kept in cash or near cash instruments such as bank deposits (excluding Term Deposit Receipts & Treasury Bills not exceeding 90 days maturity) |
| Aggressive Fixed Income Scheme | Fixed income securities & medium to lower quality of assets | High return investment. Investment in govt. securities, fixed income debt securities, deposits with bank(s), certificates of investment, & commercial paper etc. Atleast 10% of net assets are kept in cash or near cash instruments such as bank deposits & treasury bills not exceeding 90 days maturity |
| Commodity Scheme | Commodities such as gold, crude oil, silver, agri commodities | Stable returns investment. Investment in commodity & commodity futures such as gold. Atleast 70% of net assets must be invested in commodity or commodity futures contracts annually, based on average quarterly investment calculatedon a daily basis. |
| Fund of Funds | Other varieties of mutual funds | Balanced returns. Investment in diverse portfolio of equity, balanced, fixed income and money market funds |
| Shariah Compliant (Islamic) Funds | Shariah compliant securities i.e. shares, Sukuk(Islamic bonds), and GoP Ijara Sukuk etc | All categories of conventional mutual funds have their shariah compliant variants. These funds are approved by Shariah Advisor |

# میوچل فنڈز کی کیٹیگریز

میوچل فنڈز مختلف کیٹیگریز پر مشتمل ہوتے ہیں۔ ایک سرمایہ کار اس فنڈ میں سرمایہ کاری کر سکتا ہے جو اس کی سرمایہ کاری کی حکمت عملی، سرمایہ کاری کے وقتی تقاضوں، وہ کتنا خطرہ برداشت کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، اس کے کیش فلو کی ضروریات کیا ہیں یا سرمایہ کاری کے دیگر مقاصد/ضروریات کے مطابق ہوں۔ مزید رہنمائی حاصل کرنے کے لیے سرمایہ کار میوچل فنڈز ایسوسی ایشن آف پاکستان (ویب سائٹ: www.mufap.com) سے رجوع کر سکتا ہے۔ فنڈز کی کیٹیگریز درج ذیل ہیں:

| فنڈ کیٹیگری | سرمایہ کاری | نمایاں صفت اور خصوصیات |
|---|---|---|
| منی مارکیٹ فنڈ | قلیل المعیاد فکسڈ انکم سیکیورٹیز | کم رسک، زیادہ لیکویڈیٹی |
| انکم فنڈ | منی مارکیٹ سیکیورٹیز، ٹرم فنانس سرٹیفکیٹس/ سکوکس، کمرشل پیپر، اور اسپریڈ ٹرانزیکشنز۔ | کم رسک، سرمائے کی محدود قدر(appreciation) لیکویڈیٹی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ان فنڈز کے کم از کم 25 فیصد خالص اثاثوں کو نقد اور/یا نقد کے قریب دستاویزات کی صورت میں برقرار رکھنے کی ضرورت ہے۔ |
| ایکویٹی فنڈ | اسٹاکس | زیادہ رسک کا خطرہ، سرمائے کی زیادہ قدر(appreciation) |
| بیلنس فنڈ | ایکویٹیز اور فکسڈ انکم سیکیورٹیز | ترقی اور باقاعدہ آمدنی کے ہدف کے ساتھ کم رسک۔ تقریباً 30 سے70فیصد خالص اثاثے درج شدہ ایکویٹیز میں لگائے جاتے ہیں۔ |
| ایسٹ ایلوکیشن فنڈ | ایکویٹیز اور فکسڈ انکم سیکیورٹیز | زیادہ رسک، زیادہ منافع۔ کسی بھی وقت خالص اثاثوں کا 90 فیصد ایکویٹیز میں سرمایہ کاری کرنے کے امکانات۔ فنڈ کے اندر اثاثوں کی مختلف النوع سرمایہ کاری۔ |
| کیپٹل پروٹیکٹڈ فنڈ | ٹرم ڈپازٹ اور آفرنگ دستاویز میں مجاز سرمایہ کاری کے مطابق | سرمایہ کاری کی اصل رقم محفوظ۔ ان فنڈز کی فکسڈ میچورٹی مدت پر باہمی اتفاق ہے۔ |
| انڈیکس ٹریکر فنڈ | سیکیورٹیز اور اسٹاک مارکیٹ انڈیکس کی عکاسی کرتے ہیں جیسے کے ایس ای 100 انڈیکس | بنیادی انڈیکس کی کارکردگی کوفنڈ کی کارکردگی ٹریک کرتی ہے۔ یہاںکم از کم 85فیصد خالص اثاثوں کی سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کرنے کی ضرورت ہوتی ہے جو منتخب انڈیکس یا اس کے ذیلی سیٹ کو تشکیل دیتے ہیں۔ خالص اثاثوں کا بیلنس نقد یا نقد کے قریب دستاویزات کی صورت میں رکھا جاتا ہے جیسے کہ بینک ڈپازٹ (ٹرم ڈپازٹ کی رسیدیں اور ٹریژری بلز کو چھوڑ کر جو 90 دن کی میچورٹی سے زیادہ نہ ہوں) |

| فنڈ کیٹیگری | سرمایہ کاری | نمایاں صفت اور خصوصیات |
|---|---|---|
| ایگریسیو فکسڈ انکم اسکیم | فکسڈ انکم سیکیورٹیز اور درمیانے سے کم معیارتک کے اثاثے | سرمایہ کاری پر زیادہ منافع۔حکومتی سیکیورٹیز، فکسڈ انکم ڈیبٹ سیکیورٹیز، بینک (بینکوں) میں جمع ڈپازٹ، سرمایہ کاری کے سرٹیفکیٹس، اورکمرشل پیپر وغیرہ میں سرمایہ کاری۔ خالص اثاثوں کا کم از کم 10فیصد نقد یا نقد کے قریب دستاویزات کی صورت میں رکھا جا تا ہے جیسے کہ بینک ڈپازٹس اور ٹریژری بلز 90 دن کی میچورٹی سے زیادہ نہ ہوں۔ |
| کموڈٹی ا سکیم | اشیا جیسے سونا، خام تیل چاندی، زرعی اجناس | سرمایہ کاری پرمستحکم منافع ۔ کموڈٹی اور کموڈٹی فیوچرز جیسے سونے میں سرمایہ کاری۔ روزانہ کی بنیاد پر شماری کی جانے والی اوسط سہ ماہی سرمایہ کاری کی بنیاد پر کم از کم 70 فیصد خالص اثاثوں کی سالانہ طور پر، کموڈٹی یا کموڈٹی فیوچر کنٹریکٹس میں سرمایہ کاری کی جانی چاہیے۔ |
| فنڈز آف فنڈ | میوچل فنڈز کی دیگر اقسام | متوازن منافع۔ ایکویٹی، متوازن، فکسڈ انکم اور منی مارکیٹ فنڈز کے متنوع پورٹ فولیو میں سرمایہ کاری |
| شریعہ کمپلائنٹ (اسلامک) فنڈز | شریعہ کمپلائنٹ سیکیورٹیز یعنی حصص ، سکوک (اسلامک بانڈز) اور GoP اجارہ سکوک وغیرہ | روایتی میوچل فنڈز کے تمام کیٹیگریز میں شریعت کے مطابق ان کی مختلف قسمیں ہیں۔ یہ فنڈز شریعہ ایڈوائزر سے منظور شدہ ہیں۔ |

## Key Points to Remember

It is important for an investor to remember some key points regarding investment in mutual funds

- **Net Asset Value (NAV):** Net Asset Value is the market value of the assets of a mutual fund minus its expenses and liabilities. The per unit NAV is the Net Asset Value of the funds divided by the number of units/ certificates outstanding on the Valuation Date. NAV denotes the performance of a mutual fund.
**NAV = (Current Market Value of all Assets – Expenses – Liabilities) / (Total Number of Units Outstanding)**
- **Expense Ratio:** Expense Ratio is the mutual fund's annual fund operating expenses, expressed as a percentage of the fund's average net assets. An Expense Ratio of 1% p.a. means that each year 1% of the fund's total assets will be used to cover expenses. Expense Ratios are important to consider when choosing a category of mutual fund as they can significantly affect returns.
- **Redemption:** Units of open-end mutual funds can be partially of fully redeemed at any time as the investor may decide from the Asset Management Company that manages the funds.
- **Fund Manager Report:** This is a monthly report produced by an asset management company in which information on composition and performance of the mutual funds is presented.

# یاد رکھنے کے حوالے سے اہم نکات

ایک سرمایہ کار کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری کے حوالے سے کچھ اہم نکات کو ذہن نشین کرلے:

— **نیٹ ایسٹ ویلیو:** (NAV) نیٹ ایسٹ ویلیو ایک میوچل فنڈ کے اثاثوں کی مارکیٹ ویلیو ہے جس سے اخراجات اور واجبات کومنہا کیا جاتا ہے۔ فی یونٹ NAV فنڈز کی نیٹ ایسٹ ویلیو ہے جوتخمینہ (ویلیوایشن) کی تاریخ پر بقایا یونٹس/سرٹیفکیٹس کی تعداد سے تقسیم ہوتی ہے۔ NAV ایک میوچل فنڈ کی کارکردگی کو ظاہر کرتا ہے۔

**NAV=(تمام اثاثوں کی موجودہ مارکیٹ ویلیو - اخراجات - واجبات) / (بقایا یونٹس کی مجموعی تعداد)**

— **اخراجات کا تناسب:** اخراجات کا تناسب میوچل فنڈ کے سالانہ فنڈ آپریٹنگ اخراجات ہوتے ہیں، جو فنڈ کے اوسط خالص اثاثوں کے فیصد کے طور پر ظاہر کیا جاتا ہے۔ اخراجات کا تناسب 1 فیصد p.a ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ہر سال فنڈ کے کل اثاثوں کا 1 فیصد اخراجات کو پورا کرنے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ میوچل فنڈ کی کسی کیٹیگری کا انتخاب عمل میں لاتے وقت اخراجات کے تناسب پر غور کرنا ضروری ہے کیونکہ یہ منافع کو نمایاں طور پر متاثر کرنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔

— **ریڈیمپشن:** اوپن اینڈ میوچل فنڈز کے یونٹس کو کسی بھی وقت جزوی طور پر مکمل واپس (redeemed) کیا جاسکتا ہے کیونکہ سرمایہ کار اثاثہ مینجمنٹ کمپنی کے ذریعے یہ فیصلہ کر سکتا ہے جو فنڈز کا انتظام کرتی ہے۔

— **فنڈ منیجر رپورٹ:** یہ ایسٹ مینجمنٹ کمپنی کی جانب سے تیار کردہ ایک ماہانہ رپورٹ ہے جس میں میوچل فنڈز کی تشکیل اور کارکردگی کے بارے میں معلومات پیش کی جاتی ہیں۔

# How to Invest in Mutual Funds

There are two ways an investor can invest in mutual funds:

- **Financial Advisors** Most Financial Advisors and Wealth Managers guide an investor to purchase units or shares of mutual funds. A Financial Advisor may be the right channel for an investor to get guidance and buy into mutual funds.
- **Banks** Most banks offer investment products including mutual funds. An investor may contact a bank to invest in mutual funds.

The documents needed for opening a mutual fund account are as follows:

- **CNIC Copy**
- **Application/ Account Opening Form/ Purchase of Units Form**
- **Zakat Affidavit** (Optional)
- **KYC Form/ FATCA Form**
- **Cheque/ Pay Order/ Demand Draft** (payable to the respective Trustee)

# میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری کیسے کی جائے

ایک سرمایہ کار کے لیے میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری کرنے کے دو طریقے ہیں:

— **مالیاتی مشیر:** ایک سرمایہ کار کو میوچل فنڈز کے یونٹس یا حصص خریدنے کے لیے زیادہ تر مالیاتی مشیر اور ویلتھ منیجرز کی جانب سے رہنمائی فراہم کی جاتی ہے۔ کسی سرمایہ کار کے لیے رہنمائی حاصل کرنے اور میوچل فنڈز خریدنے کے حوالے سے ایک مالیاتی مشیر صحیح ذریعہ ہو سکتا ہے۔

— **بینک:** بشمول میوچل فنڈز زیادہ تر بینک سرمایہ کاری کی مصنوعات پیش کرتے ہیں۔ ایک سرمایہ کار میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری کرنے کے لیے بینک سے رابطہ کر سکتا ہے۔

میوچل فنڈ اکاؤنٹ کھولنے کے سلسلے مینجن دستاویزات کی ضرورت پیش آتی ہیں درج ذیل ہیں:

- **کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی**
- **درخواست / اکاؤنٹ اوپننگ فارم / یونٹس فارم کی خریداری**
- **زکوٰۃ کا حلف نامہ (اختیاری)**
- **KYC - فارم FATCA / فارم**
- **چیک / پے آرڈر / ڈیمانڈ ڈرافٹ (متعلقہ ٹرسٹی کو قابل ادائیگی)**

# Fees & Charges

An investor must keep in mind the fees and charges involved with investing in mutual funds. Some of these charges are as follows:

- **One-time Fee:** There is a onetime fee that an investor pays for investment/ divestment in an open-end fund. Details of these funds are disclosed in the offering documents of mutual funds.
- **Front-end Load:** This is charged to the investor upon purchase of units of the fund.
- **Back–end Load:** This is charged whenever an investor redeems his investment in the mutual fund
- **Contingent or Deferred Sales Load:** This is charged only when there is no front-end load. It is charged on redemption of investment however mutual funds progressively reduce this charge if an investor holds an investment for a longer period of time.
- **Management Fee:** This is the fee charged by the AMC for the management of a fund.
- **Trustee Fee:** This is the fee charged by the Trustee for the provision of trusteeship and other services for the fund's assets
- **Other Fees:** All expenses incurred in connection with formation and registration of open-end mutual funds including but not limited to execution and registration of constitutive documents, fee payable to SECP, auditor's fee, fee payable to rating agencies, legal costs etc.

# فیس اور چارجز

ایک سرمایہ کار کو میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری کے لیے عائد فیس اور چارجز کو ذہن میں رکھنا چاہیے۔ ان چارجز میں سے کچھ درج ذیل ہیں:

- **ایک بار کی فیس:** ایک بار کی فیس ادا کرنا ہوتی ہے جو ایک سرمایہ کار اوپن اینڈ فنڈ میں سرمایہ کاری / تقسیم کے لیے ادا کرتا ہے۔ ان فنڈز کی تفصیلات میوچل فنڈز کی آفرنگ دستاویزات میں ظاہر کی گئی ہیں۔
- **فرنٹ- اینڈ لوڈ:** فنڈ کے یونٹس کی خریداری پریہ سرمایہ کار سے وصول کیا جاتا ہے۔
- **بیک- اینڈ لوڈ:** جب بھی کوئی سرمایہ کار میوچل فنڈسے اپنی سرمایہ کاری کو واپس لیتا ہے تو یہ وصول کیا جاتا ہے۔
- **ہنگامی یا ڈیفرڈ سیلز لوڈ:** یہ صرف اس وقت وصول کیا جاتا ہے جب کوئی فرنٹ -اینڈ لوڈ نہ ہو۔یہ سرمایہ کاری کی واپسی پر وصول کیا جاتا ہے تاہم میوچل فنڈز آہستہ آہستہ اس چارج کو کم کرتے ہیں اگر کوئی سرمایہ کار طویل مدت تک سرمایہ کاری کو برقرار رکھتا ہے ۔
- **مینجمنٹ فیس:** فنڈ کے انتظامات کے لیے یہ AMC کی جانب سے وصول کی جانے والی فیس ہے۔
- **ٹرسٹی فیس:** یہ وہ فیس ہے جو ٹرسٹی کی جانب سے فنڈ کے اثاثوں کے لیے ٹرسٹی شپ اور دیگر خدمات کی فراہمی کے عوض لی جاتی ہے۔
- **دیگر فیس:** اوپن- اینڈ میوچل فنڈز کی تشکیل اور رجسٹریشن کے سلسلے میں ہونے والے تمام اخراجات جن میں آئینی دستاویزات کی تکمیل اور رجسٹریشن، ایس ای سی پی کو قابل ادائیگی فیس، آڈیٹر کی فیس، ریٹنگ ایجنسیوں کو قابل ادائیگی فیس، قانونی اخراجات وغیرہ شامل ہیں تاہم یہ ان تک محدود نہیں ہے۔

# Applicable Taxes

The taxes charged against investment in mutual funds are relaxed for the investor. These taxes are, broadly, Withholding Tax and Capital Gains Tax (CGT).

- **Withholding Tax (on Dividend Income) on Stock Funds:** It is 12.5% if the dividend receipts are less than Capital Gain.
- **Withholding Tax (on Dividend Income) on all other Mutual Funds (except Stock Funds):** It is 25%.
- **Withholding Tax (on Dividend Income) on all other Mutual Funds (except Stock Funds) for Individuals & Other Corporate & Non-Corporate Unit Holders:** It is 10% for filers and 15% for non-filers.
- **CGT where holding period of a security is less than 12 months:** 12.5%
- **CGT where holding period of a security is 12 months or more but less than 24 months:** 10%
- **CGT where holding period of a security is 24 months or more:** 0%

Conclusively, it is safe to say that Mutual Funds are an optimal form of investment for many investors as they provide avenues to invest as per individual requirements of investors. Furthermore, they are transparent, liquid, diversified and balanced-risk modes of investment for the savvy investor, in general, and the novice investor in particular.

## قابل اطلاق ٹیکس

میوچل فنڈز میں سرمایہ کاری پر عائد ٹیکس میں سرمایہ کار کے لیے نرمی برتی گئی ہے۔ یہ ٹیکس، وسیع پیمانے پر، ودہولڈنگ ٹیکس اور کیپٹل گینز ٹیکس (CGT) ہیں۔

— **اسٹاک فنڈز پر ودہولڈنگ ٹیکس (ڈیویڈنڈ انکم پر):** اگر ڈیویڈنڈ کی رسیدیں کیپٹل گین سے کم ہوں تو یہ 12.5فیصدہے۔

— دیگر تمام میوچل فنڈز پر(اسٹاک فنڈز کے علاوہ) ودہولڈنگ ٹیکس (ڈیویڈنڈ انکم پر) : یہ 25 فیصد ہے۔

— انفرادی اور دیگر کارپوریٹ اور نان- کارپوریٹ یونٹ ہولڈرز کے لیے دیگر تمام میوچل فنڈز پر (اسٹاک فنڈز کے علاوہ) ودہولڈنگ ٹیکس (ڈیویڈنڈ انکم پر): یہ فائلرز کے لیے 10 فیصد اور نان فائلرز کے لیے 15 فیصدہے۔

— CGT جہاں سیکیورٹی کی ہولڈنگ کا دورانیہ12 ماہ سے کم ہے: 12.5 فیصد

— CGT جہاں سیکیورٹی کی ہولڈنگ کا دورانیہ 12 ماہ یا اس سے زیادہ ہے لیکن 24 ماہ سے کم ہے: 10 فیصد

— CGT جہاں سیکیورٹی کی ہولڈنگ کا دورانیہ 24 ماہ یا اس سے زیادہ ہے: 0 فیصد

حتمی طور پر، یہ بات کہی جاسکتی ہے کہ میوچل فنڈز بہت سے سرمایہ کاروں کے لیے سرمایہ کاری کی ایک بہترین شکل ہے کیونکہ یہ سرمایہ کاروں کی انفرادی ضروریات کے مطابق سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ مزید یہ کہ، بالعموم باشعور سرمایہ کار کے لیے اور بالخصوص نوآموز سرمایہ کار کے لیے یہ سرمایہ کاری کے شفاف، مائع، متنوع اور متوازن رسک والے طریقے ہیں ۔

# Keeping an eye out while investing in PSX

We all want our hard-earned funds to grow and increase. While this is possible by investing prudently in the right asset classes and vehicles of investment suitable to us in keeping with our risk/ return objectives and our risk tolerance levels, it is equally important to keep an eye out for our portfolio of investments in order to secure our investments.

There are several ways of securing your investment portfolio:

**Selecting the right securities broker:** This requires shortlisting a number of Securities Brokerage firms based on the following parameters and then choosing the one most suitable to your investment needs such as:

- Ease of communication & understanding of your defined investment objectives. Availability of research material.
- Availability of online trading facility.
- Provision of trade confirmations.
- Brokerage charges levied are in-line with your budget.
- Filling of Customer Relationship Form (CRF) or Sahulat Form:

Your account can be opened by filing either CRF or Sahulat Form with the Securities Broker. CRF allows the investor to experience the full potential of stock market while Sahulat Form is ideal for those who are risk averse or want to undergo simplified process of account opening. CRF allows investors to trade in all markets such as Ready Market, Futures Market and Leveraged Products while Sahulat Form only allows trading in Ready Market and that too up to a limit of Rs800,000.

**Opening an Investor Account:** You must open an Investor Account with Central Depository Company (CDC) to secure the custody of the shares purchased whereby the account is totally under your control.

**Risk Evaluation:** Evaluate your risk/return objectives and risk-taking capacity: You must assess what are your risk/ return objectives; how much risk are you willing to take against what level of expected returns. You may also consider your risk-taking capacity in terms of how long can you afford to stay in the market in case of a downturn.

**Documentation:** You must ensure that all documents (and copies thereof) regarding your account and its transactions are available with you so you have a complete picture and record of your account, investment portfolio and its transactions.

**Confirmations through SMS/Email/Courier:** Make sure that you receive all trade confirmations from your Securities Broker as well as NCCPL via SMS, Email or courier.

**Be thorough in your trading practices:** Make sure that you communicate your order instructions to one person in the brokerage firm so as to avoid any miscommunication and confusion. Also, in case of any discrepancies, you must contact your Securities Broker immediately and not leave things to chance.
Avoid discretionary trading practices: Avoid discretionary trading practices whereby a Securities Broker is given the freedom to execute trades for you

**Online Trading through Broker App:** The App or Software provided by your Securities Broker will enable you to invest on the Stock Exchange as per your own decisions. Make sure to obtain the access to this downloadable App or procure the software from your Securities Broker.

**Possible Complaints as an Investor:** While you may have taken all necessary measures to ensure your investment portfolio is safe & secure, you may face an issue in the course of making your investment which could necessitate a complaint registration process on your part.

# پی ایس ایکس میں سرمایہ کاری کرتے وقت چوکنا رہیں

ہم سب کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ ہماری محنت سے کمائی گئی رقم میں بڑھوتری اور اضافہ ہو۔اگرچہ یہ ہمارے رسک /ریٹرن کے اہداف اور خطرے کو برداشت کرنے کی ہماری صلاحیت کو مدنظر رکھتے ہوئے موزوں اثاثہ جاتی کلاسوں اور سرمایہ کاری کے مواقعوں میں سمجھداری کے ساتھ سرمایہ کاری کرنے سے ممکن ہے، تاہم ہماری سرمایہ کاری کو محفوظ بنانے کے لیے سرمایہ کاری کے پورٹ فولیو پر نظر رکھنا بھی اتنا ہی ضروری ہے ۔

آپ کی سرمایہ کاری کے پورٹ فولیو کو محفوظ بنانے کے کئی طریقے ہیں:

**صحیح سیکیورٹیز بروکر کا انتخاب کریں:** صحیح سیکیورٹیز بروکر کو منتخب کرنے کے لیے درج ذیل پیرامیٹرز کی بنیاد پر متعدد سیکیورٹیز بروکریج فرموں کو شارٹ لسٹ کیا جائے اور پھر اپنی سرمایہ کاری کی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے موزوں ترین کا انتخاب کیا جائے جیسے:

- آپ کی جانب سے متعین کردہ سرمایہ کاری کے مقاصد کے سلسلے میں کمیونیکیشن اور سمجھنے میں آسانی ہونی چاہیے۔تحقیقی مواد کی دستیابی۔
- آن لائن ٹریڈنگ کی سہولت کی دستیابی۔
- تجارتی تصدیق کی فراہمی۔
- بروکریج چارجز آپ کے بجٹ کے مطابق ہونے چاہئیں۔
- کسٹمر ریلیشن شپ فارم (سی آر ایف) یا سہولت فارم بھرنا:

سیکیورٹیز بروکر کے پاس سی آر ایف یا سہولت فارم پُر کر کے آپ اپنا اکاؤنٹ کھلوا سکتے ہیں۔ CRF کے ذریعے سرمایہ کار اسٹاک مارکیٹ کی مکمل صلاحیت کا تجربہ حاصل کرنے کے قابل ہو جاتے ہیں جبکہ سہولت فارم ان لوگوں کے لیے بہترین رہے گا جو رسک سے احتراز کرتے ہیں یا اکاؤنٹ کھولنے کے آسان عمل سے گزرنا چاہتے ہیں۔ سی آر ایف سرمایہ کاروں کو تمام مارکیٹس، جیسے کہ ریڈی مارکیٹ، فیوچرز مارکیٹ اور لیوریجڈ پروڈکٹس میں تجارت کرنے کا اہل بناتا ہے جبکہ سہولت فارم صرف ریڈی مارکیٹ میں تجارت کی اجازت دیتا ہے اور اس کی حد 800,000 روپے تک ہوتی ہے۔

**سرمایہ کاری اکاؤنٹ کھولنا:** آپ کو سینٹر ل ڈیپازٹری کمپنی (CDC) کے ساتھ ایک انویسٹر اکاؤنٹ کھولنا ہوگا تاکہ خریدے گئے شیئرز کی تحویل کو محفوظ بنایا جا سکے جس کے ذریعے اکاؤنٹ کا کنٹرو ل مکمل طور پر آپ کے پاس ہوگا۔

**اپنے رسک/ ریٹرن کے مقاصد اور رسک لینے کی صلاحیت کا اندازہ کریں:** آپ کو لازمی یہ اندازہ لگانا چاہیے کہ آپ کے رسک/ریٹرن کے مقاصد کیا ہیں؛ متوقع منافع کی کس سطح کے لیے آپ کتنا خطرہ مول لینے کو تیار ہیں۔ آپ اپنی رسک لینے کی صلاحیت پر اس لحاظ سے بھی غور کر سکتے ہیں کہ مندی کی صورت میں کتنی دیر تک مارکیٹ میں رہنا آپ کے لیے قابل برداشت ہو گا۔

**دستاویزات:** آپ کو یہ بات یقینی بنانے کی ضروت ہے کہ آپ کے اکاؤنٹ اور اس کی ٹرانزیکشنز سے متعلق تمام دستاویزات (اور اس کی کاپیاں) آپ کے پاس دستیاب ہیں تاکہ آپ کے پاس اپنے اکاؤنٹ، سرمایہ کاری کے پورٹ فولیو اور اس کی ٹرانزیکشنز کی مکمل تصویر اور ریکارڈ موجود ہو۔

**کنفرمیشن بذریعہ ایس ایم ایس / ا ی میل/کورئیر:** یقینی بنائیں کہ آپ کو اپنے سیکیورٹیز بروکر کے ساتھ ساتھ NCCPL سے تمام تجارتی کنفرمیشن بذریعہ ایس ایم ایس، ای میل یا کورئیر موصول ہوں۔

**اپنی ٹریڈنگ پریکٹس کومکمل رکھیں:** اس چیز کو یقینی بنائیں کہ آپ اپنے آرڈر کی ہدایات بروکریج فرم میں کسی ایک فرد کو دیں تاکہ کسی بھی غلط کمیونیکیشن اور الجھن سے بچا جا سکے۔ نیز، کسی بھی تضاد کی صورت میں، آپ اپنے سیکیورٹیز بروکر سے فوری رابطہ کریں اوراس موقع پر چیزوں کو ایسے ہی نہ چھوڑیں۔

صوابدیدی تجارتی طریقوں سے پرہیز کریں: صوابدیدی تجارتی طریقوں سے گریز کریں جس کے تحت سیکیورٹیز بروکر کو آپ کے لیے تجارت انجام دینے کی آزادی دی جاتی ہے۔

**بروکر ایپ کے ذریعے آن لائن ٹریڈنگ:** آپ کے سیکیورٹیز بروکر کی طرف سے فراہم کردہ ایپ یا سافٹ ویئر آپ کو اپنے فیصلوں کے مطابق اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاری کرنے کے قابل بنائے گا۔ یہ ایپ ڈاؤن لوڈ کے قابل ہے، لحا ظہ اس تک رسائی حاصل کرنا یقینی بنائیں یا اپنے سیکیورٹیز بروکر سے سافٹ ویئر حاصل کریں۔

**بطور سرمایہ کار ممکنہ شکایات:** اگرچہ آپ نے اپنی سرمایہ کاری کے پورٹ فولیو کو محفوظ اورمستحکم بنانے کے لیے یقینی طور پر تمام ضروری اقدامات کیے ہونگے، تاہم آپ کو اپنی سرمایہ کاری کے دوران کسی مسئلے کا سامنا بھی کرنا پڑ سکتا ہے جس کے سبب آپ کی طرف سے شکایت کے اندراج کی کارروائی کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

# These issues can be:

# یہ مسائل سامنے آ سکتے ہیں:

**Commitment for high returns:** You may be promised sky high returns against a particular investment when in fact there may be no such returns to be gained from that investment and you are pushed into incurring losses over that particular investment.

**زیادہ منافع کاعزم:** آپ سے کسی خاص سرمایہ کاری کے لیے نہایت پُرکشش منافع کا وعدہ کیا جا سکتا ہے جبکہ حقیقت میں اس طرح کی سرمایہ کاری سے ایسا کوئی بھی منافع حاصل نہیں ہو سکتا اور آپ کو اس خاص طرح کی سرمایہ کاری کے نتیجے میں نقصان کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

**Portfolio Management offers from your Securities Broker or trader:** Your Securities Broker or trader may make offers to manage your portfolio.

Securities brokers and traders are not permitted to manage a client's investment account.
They cannot invest or trade on behalf of the client except with specific instructions from client for each trade.

**آپ کے سیکیورٹیز بروکر یا ٹریڈر کی جانب سے پورٹ فولیو مینجمنٹ کی پیشکش:** آپ کے سیکیورٹیز بروکر یا ٹریڈر کی جانب سے آپ کے پورٹ فولیو کو منظم کرنے کی پیشکش کی جا سکتی ہے۔

سیکیورٹیز بروکرز اورٹریڈرز کو کلائنٹ کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ کو سنبھالنے (manage) کی اجازت نہیں ہے۔
وہ کلائنٹ کی جانب سے سرمایہ کاری یا تجارت نہیں کر سکتے سوائے اس کے کہ ہر تجارتی عمل کے لیے کلائنٹ کی طرف سے مخصوص ہدایات دی جائے۔

**Being sold a particular scrip without your express consent:** You may be sold a scrip by a Securities Broker without taking your express consent for that purchase. This is a serious issue and lapse of proper SOPs exercised on part of the Securities Broker regarding proper trading.

**آپ کی واضح رضامندی کے بغیر کسی خاص اسکرپ (scrip) کا فروخت کیا جانا:** کسی خریداری کے عمل کے دوران آپ کی واضح رضامندی لیے بغیر آپ کے سیکیورٹیز بروکر کی جانب سے اسکرپ فروخت کیا جا سکتا ہے۔ یہ ایک سنگین مسئلہ ہے اور مناسب ٹریڈنگ کے حوالے سے سیکیورٹیز بروکر کی جانب سے استعمال کیے گئے مناسب ایس او پیز کی ناکامی ہے۔

**Buy or Sell transaction without permission:** Your Securities Broker trades on your behalf without your express permission.

**بغیر اجازت کے ٹرانزیکشن کی خرید و فروخت:** آپ کا سیکیورٹیز بروکر آپ کی طرف سے آپ کی واضح اجازت کے بغیرکسی طرح کا تجارتی عمل انجام دے۔

**Default:** The Securities Broker whose services you are utilizing defaults.

**ڈیفالٹ:** سیکیورٹیز بروکر جس کی خدمات آپ استعمال کر رہے ہیں وہ ڈیفالٹ کر جائے۔

# Redressal of Your Complaints/ Grievances:

You can approach the Securities Broker as a first line of action to redress your grievance. If that doesn't help, you can approach the Regulatory Affairs Department (RAD) of PSX as the frontline regulator for redressal of your grievance, particularly in case of default by the Securities Broker. This is possible through the following process:

You may register a complaint by submitting the prescribed Investors' Complaint Form (available on PSX website) at investor.complaints@psx.com.pk or electronically at csir.psx.com.pk

PSX takes up the matter with the concerned Brokerage House and tries to resolve the matter through mediation.

If the dispute is not settled even then, PSX resolves the matter through Arbitration in accordance with procedures prescribed under Chapter 18 of PSX Regulations.

In case of Default by a Brokerage House/ Securities Broker, PSX constitutes a Default Committee.

PSX invites claims by investors against the defaulting Securities Broker by placing an ad in newspapers and on PSX website.

PSX appoints auditor for verification of claims.

PSX Disburses available funds to approved claimants.

## آپ کے شکوے/شکایات کا ازالہ

آپ اپنی شکایت کے ازالے کے سلسلے میں پہلے اقدام کے طور پر سیکیورٹیز بروکر سے رجوع کر سکتے ہیں۔ اگر اس سے مدد نہیں ملتی ہے، تو آپ اپنی شکایت کے ازالے کے لیے فرنٹ لائن ریگولیٹر کی حیثیت سے پہچانے جانے والے پی ایس ایکس کے ریگولیٹری افیئرز ڈیپارٹمنٹ (RAD) سے رجوع کر سکتے ہیں، خاص طور پراس صورتحال میں کہ اگر سیکیورٹیز بروکر ڈیفالٹ کر جائے۔ یہ مندرجہ ذیل عمل کے ذریعے ممکن ہے:

آپ سرمایہ کاروں کے لیے تجویز کردہ شکایتی فارم (جوکہ پی ایس ایکس کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے) investor.complaints@psx.com.pk پر جمع کروا سکتے ہیں یا الیکٹرانک طور پر csir.psx.com.pkپر شکایت درج کروا سکتے ہیں۔

پی ایس ایکس متعلقہ بروکریج ہاؤس کے سامنے اس معاملے کو اٹھائے گا اور ثالثی کے ذریعے معاملے کو حل کرنے کی کوشش کرے گا۔

اگر اس کے بعد بھی تنازعہ طے نہیں ہوتا ہے تو،پی ایس ایکس کی جانب سے پی ایس ایکس ریگولیشنز کے باب ۱۸ کے تحت طے شدہ طریقہ کار کے مطابق ثالثی کے ذریعے معاملے کو حل کیا جائے گا۔

بروکریج ہاؤس/سیکیورٹیز بروکر کے ڈیفالٹ ہونے کی صورت میں، پی ایس ایکس کی جانب سے ایک ڈیفالٹ کمیٹی تشکیل دی جاتی ہے۔

پی ایس ایکس اخبارات میں اورپی ایس ایکس کی ویب سائٹ پر اشتہار شائع کر کے نا دہندہ سیکیورٹیز بروکر کے خلاف سرمایہ کاروں کو دعوئوں کے لیے مدعو کرتا ہے۔

پی ایس ایکس کی جانب سے دعوئوں کی تصدیق کے لیے آڈیٹر کا تقرر کیا جاتا ہے۔

پی ایس ایکس منظوری کے حامل دعویداروں کو دستیاب فنڈز فراہم کرتا ہے۔

# PSX settles the approved claims of a defaulter Securities Broker as follows:

The assets of Securities Brokers in custody of the Exchange are liquidated to settle approved claims of claimants. The assets comprise of:

**A.** Office(s) within the Exchange premises, if any, in the control of the Exchange; (b) Base Minimum Capital maintained with the Exchange in accordance with the Chapter 19 of PSX Regulations;

**B.** Securities available in the House Account and Investor Account of the defaulter Securities Broker; and

**C.** Securities available in the Sub-Account in CDS for maintaining custody of securities belonging to the defaulted Securities Broker.

If the customers' claims admitted by the Exchange against a defaulted Securities Broker are more than the amount available out of sale proceeds of assets of such Securities Broker for satisfying such claims, then remaining amount shall be paid from Centralised Customers Protection Compensation Fund (CCPF), established by the Exchange with the sole mandate to compensate customers of a defaulter Securities Broker, up to a maximum of RS 500,000/- per claimant, in accordance with Chapter 24 of PSX Regulations.

# پی ایس ایکس کی جانب سے ڈیفالٹر سیکیورٹیز بروکر کے منظور شدہ دعوئوں کو مندرجہ ذیل طریقے سے طے کیا جاتا ہے:

ایکسچینج کی تحویل میں موجود سیکیورٹیز بروکرز کے اثاثے دعویداروں کے منظور شدہ دعوئوں کو حل کرنے کے لیے بیباق (liquidated) کردیے جاتے ہیں۔ اثاثے ان چیزوں پر مشتمل ہیں:

**(الف)** ایکسچینج کے احاطے کے اندر آفس، اگر کوئی ہے، جو کہ ایکسچینج کے کنٹرول میں ہو؛ (ب) پی ایس ایکس ریگولیشنز کے باب ١٩ کے مطابق ایکسچینج کے ساتھ بنیادی کم از کم کیپٹل (Base Minimum Capital) برقرار رکھا گیا ہو۔

**(ب)** ڈیفالٹر سیکیورٹیز بروکر کے ہاؤس اکاؤنٹ اور انویسٹر اکاؤنٹ میں دستیاب سیکیورٹیز؛ اور

**(پ)** ڈیفالٹ شدہ سیکیورٹیز بروکر کی سیکیورٹیز کی تحویل کو برقرار رکھنے کے لیے سی ڈی ایس کے ذیلی اکاؤنٹ میں دستیاب سیکیورٹیز۔

اگر کسی ڈیفالٹ شدہ سیکیورٹیز بروکر کے خلاف ایکسچینج کی جا نب سے قبول کردہ صارف کا حقِ دعویٰ ، اس طرح کے دعوے کو پورا کرنے کے لیے ایسے سیکیورٹیز بروکر کے اثاثوں کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم سے بھی زیادہ ہے ، تو باقی رقم سینٹرلائزڈ کسٹمرز پروٹیکشن کمپنسیشن فنڈ (CCPF) سے ادا کی جائے گی، جسے ایکسچینج کی طرف سے پی ایس ایکس کے ریگولیشنز کے باب ٢٤ کے مطابق، ایک ڈیفالٹر سیکیورٹیز بروکر کے صارفین کو زیادہ سے زیادہ ٥٠٠,٠٠٠ روپے فی دعویدار تک کی تلافی کرنے کے واحد مینڈیٹ کے ساتھ قائم کیا گیا ہے۔

## You can also file your complaint through another mode - Prime Minister's Performance Delivery Unit [PMDU]:

PMDU is a nationwide complaints and grievances redressal mechanism to provide citizens an opportunity to seamlessly communicate with all government entities to have their issues resolved with priority and to address complaints lodged by the citizens through Pakistan Citizen's Portal – a Government-owned mobile application. PMDU dashboard has also been assigned to PSX, CDC and NCCPL. All complaints received by PSX on PMDU dashboard are being resolved on priority basis.
The above is a brief of why it is important to secure your investment portfolio and what to do in case you need redressal of your complaints. In any case, it pays to be vigilant and careful with your account, its transactions and its documentation.

For further information and guidelines, you are welcome to visit the PSX website at
https://www.psx.com.pk/psx/resources-and-tools/investors/know-your-rights-information-for-investors

## آپ اپنی شکایت دوسرے موڈ کے ذریعے بھی درج کرا سکتے ہیں - پرائم منسٹرز پرفارمنس ڈیلیوری یونٹ [PMDU]:

PMDU ملک گیر سطح پر شکوے اور شکایات کے ازالے کا ایک طریقہ کار ہے جو شہریوں کو تمام سرکاری اداروں کے ساتھ بغیر کسی رکاوٹ کے بات چیت کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے تاکہ ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جا سکے اور پاکستان سٹیزن پورٹل کے ذریعے شہریوں کی جانب سے درج کرائی جانے والی شکایات کو دور کیا جا سکے - جو کہ ایک حکومتی موبائل ایپلیکیشن ہے۔ PMDU ڈیش بورڈ پی ایس ایکس،سی ڈی سی اوراین سی سی پی ایل کو بھی تفویض کیا گیا ہے۔ PMDU ڈیش بورڈ پر پی ایس ایکس کو موصول ہونے والی تمام شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جاتا ہے۔

مندرجہ بالا چیزیناس بات کا مختصر سا جائزہ ہے کہ آپ کے سرمایہ کاری کے پورٹ فولیو کو محفوظ بنانا کیوں ضروری ہے اور اگر آپ کو اپنی شکایات کے ازالے کی ضرورت پیش آئے تو کیا کرنا چاہیے۔ کسی بھی صورت میں، یہ آپ کے اکاؤنٹ، اس کی ٹرانزیکشن اور اس کی دستاویزات کے سلسلے میں چوکس اور محتاط رہنے کے حوالے سے معاونت کرتا ہے۔

مزید معلومات اور رہنمائی کے لیے، آپ کو پی ایس ایکس کی ویب سائٹ پر خوش آمدید کہا جائے گا۔
https://www.psx.com.pk/psx/resources-and-tools/investors/know-your-rights-information-for-investors

## Disclaimer:

*The contents of this article comprising of information pertaining to financial products, including but not limited to securities, derivatives products, listed companies or companies proposed to be listed on PSX and any content of third parties are strictly of a general nature and are provided for informative and educational purposes only. Such content/ information is not intended to provide trading or investment advice of any form or kind and shall not under any circumstances be construed as providing any recommendation, opinion or indication by PSX as to the merits of the said product, security or company and also not be interpreted as comprehensive and interpretive of all applicable regulatory provisions.*

*The article does not necessarily reflect the opinion of Business Recorder or its owners.*

Source: Daily Business Recorder
https://www.brecorder.com/news/40158160/keeping-an-eye-out-while-investing-in-psx

## انتباہ

اس مضمون کے مواد میں مالیاتی مصنوعات سے متعلق معلومات شامل ہیں، بشمول سیکیورٹیز، ڈیریویٹیوز پروڈکٹس، لسٹڈ کمپنیاں یا پی ایس ایکس میں لسٹنگ کے لیے تجویز کردہ کمپنیاں ، تاہم یہ ان تک محدود نہیں، جبکہ فریق ثالث کا کوئی بھی مواد خالصتاً عمومی نوعیت کا ہوتا ہے اور صرف معلوماتی اور تعلیمی مقاصد کے لیے فراہم کیا جاتا ہے۔ اس طرح کے مواد/معلومات کا مقصد کسی بھی شکل یا قسم کی تجارت یا سرمایہ کاری کامشوہ فراہم کرنا نہیں ہے اور اسے کسی بھی صورت میں پی ایس ایکس کی طرف سے مذکورہ مصنوعات، سیکیورٹی یا کمپنی کی خوبیوں کے بارے میں کوئی سفارش، رائے یا اشارہ فراہم کرنے کے طور پر نہیں سمجھا جائے گا اور اسے تمام قابلِ اطلاق ریگولیٹری دفعات کی جامع اور تشریحی معنوں کے طور پر بھی نہیں سمجھا جائے گا۔

یہ قطعاً ضروری نہیں کہ مذکورہ مضمون بزنس ریکارڈر یا اس کے مالکان کی رائے کی عکاسی کرتا ہو۔

ذرائع: ڈیلی بزنس ریکارڈر
https://www.brecorder.com/news/40158160/keeping-an-eye-out-while-investing-in-psx

# PSX
# Cares

# Learning & Development

A strong emphasis was laid on L&D as to ensure that it leads to a more engaged and motivated workforce. Over 150 employees were nominated for operational as well as developmental trainings/workshops that included Communication skills, Advanced Excel, Corporate Compliance, Human Resource Management, Google Project Management, Employment Laws and Regulations etc. We also held in-house awareness sessions on 'Workplace Harassment' where more than 50 employees participated and the feedback we received was exceptional.






# Annual Performance Reviews FY 21-22:

The idea of promoting talent and career progression was clearly evident in the Annual Performance Reviews for the FY 2021-2022 at PSX. We had a total of 29 promotees, which on the organizational level makes it approximately a 16%. To further boost their morale, an exclusive session 'Partners in Progress' was organized where the CEO appreciated them for their hard work and commitment towards the organization.

# Capital Market Furture Leaders Program (CMFLP)

The Capital Market Future Leaders Program, is a joint initiative of PSX, CDC and NCCPL. It is a management trainee program of 18 months with equal rotations in the three organizations, leading to permanent placements. The trainees are undergoing equal rotations for a period of 06 months within each organization. We had received over 600 applications from different universities across Pakistan, and the fact that we were able to attract a great talent pool is a testament to the program's value and effectiveness. Out of these 600, more than 150 applicants were shortlisted for aptitude tests. The test drives were conducted at ICMAP (Khi, Lhr & Isb Campuses), IBA, IoBM etc., to make the process transparent and seamless. After a thorough recruitment process, we came up with the first batch of CMFLP with a total of 18 trainees.









# Talent Management:

PSX is an equal opportunity employer supporting diversity and inclusivity in our human resources. During the past couple of months, we on-boarded around 23 interns for multiple departments whereby the female representation was about 35%. These interns were on-boarded from universities like IBA, IoBM, NED, SZABIST, UIT, Iqra University, FAST etc. A few of them were also offered permanent placements based on their exceptional performances.


We also introduced some policies like Job Rotation policy and Remote Working policy to help our employees with flexibility and growth at the same time.






# PSX Becomes a signatory of Women Empowerment Principles (WEPs):

The WEPs, which were established by UN Global Compact and UN Women, are based on the understanding that organizations have a stake in and a commitment for gender equality and women's empowerment as well as being guided by international labor and human rights standards.

As a signatory to the Women Empowerment Principles, PSX has made it apparent to all of its stakeholders and market participants, including listed companies, that it is committed to advancing gender equality and becoming a role model corporate entity that attracts talent regardless of gender or any other factors. In this regard, a Press Release along with an internal communication was also rolled out among the staff members.



PAKISTAN
STOCK EXCHANGE

Stock Exchange Building, Stock Exchange Road, Karachi.
Fax: +92-21-32410825, 32415136 UAN: +92-21-111-00-11-22
www.psx.com.pk